CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
امروز
www.dailyimroze.com
جلد نمبر 18 | منگل 18، 19 شعبان المعظم 1446ھ 25 فروری 2025ء | صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 49

تحریک انصاف کا 26ویں آئینی ترمیم کیخلاف کیس جلد سننے کا مطالبہ

جعلی مینڈیٹ سے بنی حکومت نے 26ویں ترمیم پاس کرائی، پی ٹی آئی کا اصولی موقف ہے 26ویں ترمیم کیس کی سماعت جلد سے جلد ہو، تمام جج صاحبان بیٹھیں اور 26ویں ترمیم کا فیصلہ کریں

ہمارے مینڈیٹ کا تحفظ الیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری تھی، ہمارا آج بھی یہی موقف ہے مینڈیٹ واپس لینے کا حق رکھتے ہیں، جمہوریت کیلئے عوام کا مینڈیٹ اور ووٹ بنیاد ہے

بانی پی ٹی آئی نے مذاکرات کیلئے کمیٹی بنائی، ہم آگے بڑھنا چاہ رہے تھے، حکومت نے مذاکرات سے راہ فرار اختیار کی، ابھی بھی وقت ہے دانشمندانہ فیصلے کریں

اسلام آباد: (آئی پی ایس) پاکستان تحریک انصاف نے جوڈیشری سے 26ویں آئینی ترمیم کیخلاف کیس جلد سننے کا مطالبہ کردیا۔ پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ جعلی مینڈیٹ سے بنی حکومت نے 26ویں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

گوجرانوالہ ڈویژن میں سب سے زیادہ انسانی سمگلنگ کا معاملہ ہے، وزیر اطلاعات

حکومت انسانی سمگلنگ کے حوالے سے کوئی رعایت روا نہیں رکھے گی، عطاء تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ نے قومی اسمبلی کو بتایا ہے کہ گوجرانوالہ ڈویژن میں سب سے زیادہ انسانی سمگلنگ کا معاملہ ہے۔ پیر کو قومی اسمبلی اجلاس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

محسن نقوی کا اسلام آباد میں جرائم کی صورتحال پر قومی اسمبلی میں تحریری جواب

سال 2023ء کے مقابلے میں 2024ء میں اسلام آباد میں 11 فیصد کم جرائم ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ سینیٹر محسن نقوی نے دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم کی صورتحال پر تحریری جواب قومی اسمبلی میں جمع کرا دیا۔ قومی اسمبلی میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ورلڈ بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز ملاقات کر رہے ہیں۔

مہنگائی سنگل ڈیجٹ پر آ گئی مزید کم ہو گی

شہباز شریف

سیاسی جھگڑوں سے نفرت پھیلتی ہے جو ملک کے لیے نقصان دہ ہے، پی ٹی آئی کے دور میں نفرت کا کلچر پروان چڑھا، اسی نفرت کے کلچر نے ملک کو نقصان پہنچایا

ملکی معیشت کو ٹھیک کرنے کے لیے دن رات محنت کی ہے، ملکی معیشت کی بہتری کے لیے اب بھی مزید محنت درکار ہے تاہم عوام کو بہتر معیشت کے ثمرات مل رہے ہیں

ہم نے سفارتی کلچر کو ختم کرنے کی کوشش کی، مہنگائی کی شرح سنگل ڈیجٹ پر آ چکی ہے اور آنے والے دنوں میں مہنگائی مزید کم ہوگی، مہنگائی کو کم کرنے میں پوری ٹیم کی کوششیں شامل ہیں

اسلام آباد (آئی پی ایس) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ سیاسی جھگڑوں سے نفرت پھیلتی ہے جو ملک کے لیے نقصان دہ ہے، پی ٹی آئی کے دور میں نفرت کا کلچر پروان چڑھا، اسی نفرت کے کلچر نے ملک کو نقصان پہنچایا، باہمی اتفاق و اتحاد سے ہی ملک کو ترقی دی جا سکتی ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

چیف جسٹس نے سپریم کورٹ کی متعدد انتظامی کمیٹیوں کی تشکیل نو کر دی

جسٹس صلاح الدین پنور سندھ اور جسٹس عامر فاروق اسلام آباد کی اے ٹی سی عدالتوں کے نگران مقرر ہوئے ہیں

جسٹس ملک شہزاد پنجاب، جسٹس ہاشم کاکڑ بلوچستان کی انسداد دہشت گردی عدالتوں کے نگران مقرر کئے گئے ہیں

اسلام آباد: (آئی پی ایس) چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی نے سپریم کورٹ کی متعدد انتظامی کمیٹیوں کی تشکیل نو کر دی۔ رپورٹ کے مطابق تشکیل نو سپریم کورٹ میں نئے ججز کی تعیناتی کو مدنظر رکھتے ہوئے کی گئی ہے۔ جسٹس مسرت ہلالی خیبر پختونخوا کی انسداد دہشتگردی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

سات ماہ کے دوران برآمدات میں پونے دو ارب ڈالر کا اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) رواں مالی سال 25-2024 کے پہلے 7 ماہ میں پاکستانی برآمدات میں ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

سی ڈی اے نے اسلام آباد میں پانی کی قلت کا خدشہ ظاہر کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے شہر اقتدار میں پانی کی قلت کا خدشہ ظاہر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

سرکاری اداروں بالخصوص بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری ہماری اولین ترجیح ہے

وفاقی وزیر احد چیمہ کی عالمی بینک کے وفد سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر احد چیمہ نے کہا ہے کہ حکومت کے موثر اقدامات کی بدولت کرنسی میں بہتری آ رہی ہے، پاکستان کی معیشت مثبت سمت پر گامزن ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، الرجی خاتمے کیلئے جنگلی شہتوت کی مرحلہ وار تلفی جاری

جنگلی شہتوت سب سے زیادہ الرجی پیدا کرنے سبب بنتا ہے، ڈاکٹر مختار بھرتھ

ایف نائن پارک میں 5 ہزار سے زائد درختوں کی کٹائی کا عمل مکمل ہو چکا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے کوارڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا ہے کہ اسلام آباد سے الرجی کے خاتمے کے لیے جنگلی شہتوت کو مرحلہ وار تلف کیا جا رہا ہے، ایف نائن پارک میں سات ہزار میں سے پانچ ہزار سے زائد درختوں کی کٹائی کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔ پیر کو ڈاکٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سیاست میں حصہ لینے پر کسی پر پابندی نہیں، پشاور ہائیکورٹ

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے کہا ہے کہ سیاست میں حصہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: پاکستان آسٹریلیا بزنس کونسل کا وفد وزیر تجارت جام کمال خان سے ملاقات کر رہے ہیں۔

اسلام آباد: سردار ایاز صادق بحرین کی کونسل آف ریپریزنٹیٹوز کے سپیکر ڈاکٹر احمد بن سلمان المسلم کا استقبال کر رہے ہیں

ملک میں کوئی سویلین اتھارٹی موجود نہیں، مولانا فضل الرحمن

وزیراعظم کو افغانستان جانے والے جرگوں کا علم تک نہیں ہے

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ ملک میں اس وقت کوئی سویلین اتھارٹی موجود نہیں اور وزیراعظم کو افغانستان جانے والے جرگوں کا علم تک نہیں ہے، ملک سیاست دانوں کے حوالے کر کے انہیں بات کرنے دی جائے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ڈیجیٹل انقلاب دروازے پر دستک دے رہا ہے، احسن اقبال

ہم نے اس کے تحت دنیا کے ساتھ قدم ملانا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل انقلاب دروازے پر دستک دے رہا ہے، ہم نے اس کے تحت دنیا کے ساتھ قدم ملانا ہے، ملائیشیا اور پاکستان کا تعاون ٹیکنالوجی میں جدت کا باعث بنے گا، دونوں ممالک کی معیشت میں بہتری لائے گا۔ پیر کو 5جی ٹیکنالوجی پر ریگولیٹری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

حکومت نے پی ٹی آئی سے مذاکرات کا اہم موقع گنوا دیا، بیرسٹر گوہر

فواد چوہدری اور شعیب شاہین کے درمیان تنازع پر افسوس کا اظہار کیا

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے دعویٰ کیا ہے کہ حکومت نے مذاکرات کا اہم موقع گنوا دیا، بانی پی ٹی آئی عمران خان پاک فوج کی قربانیوں کو تسلیم کرتے ہیں۔ صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو پاک فوج کی قربانیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

شیخ وقاص نے اسلحہ سپلائی کر کے کیریئر کا آغاز کیا، فواد چوہدری

سلمان اکرم نے نواز شریف سے کروڑوں روپے فیس لی

اسلام آباد (این این آئی) سینئر سیاستدان بیرسٹر فواد چوہدری نے الزام عائد کیا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شیخ وقاص اکرم نے پوری پختونخوا حکومت بیچ دی، بانی کو بتایا گیا کہ ملائیشیا میں اربوں روپے کی بینامی کی، مصدق عباسی معاملے کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ فواد چوہدری نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ پر پیغام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پاکستان سعودی عرب کے درمیان کئی معاہدے زیر غور ہیں

وزیر خزانہ

پاکستان سعودی عرب کی وژن 2030 سے سیکھنے کے لیے پرعزم ہے، سعودی عرب وژن 2030 کے اہداف وقت سے پہلے حاصل کر رہا ہے

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان حکومتی سطح پر کئی معاہدے زیر غور ہیں، پاکستان سے سعودی عرب کو ہنرمند افرادی قوت کی برآمد بڑھانے کے وسیع مواقع موجود ہیں

اسلام آباد (آئی پی ایس) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان حکومتی سطح پر کئی معاہدے زیر غور ہیں۔ سرکاری خبر رساں ادارے 'اے پی پی' کی رپورٹ کے مطابق وزیر خزانہ محمد اورنگزیب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

روبینہ خالد سے ورلڈ بینک کے وفد کی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

مستحق خواتین کو رقوم کی براہ راست ادائیگی کے لیے بینک اکاؤنٹس کھولنے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے احمد ظفر خان کی قیادت میں ورلڈ بینک کے وفد نے ملاقات کی جس میں مستحق خواتین کو رقوم کی براہ راست ادائیگی کے لیے بینک اکاؤنٹس کھولنے، بائیومیٹرک سوشل پروٹیکشن سکیم پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

چین کے ابھرتے ہوئے سفری مرکز شنشی صوبے میں متحرک چینی نئے سال کا تجربہ

تائی یوآن (شنہوا) چین کے وسطی صوبے شنشی کے شہر تائی یوآن میں بیل ٹاور سٹریٹ کے ساتھ چہل قدمی کرتے ہوئے جشن کا ماحول علامتی کرداروں جیسے فو (جس کا مطلب خوش قسمتی ہے)، شیر کے رقص، بہار تہوار کے اشعار اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

مقامی ریفائنریز کا حکومت سے پیٹرول اور ڈیزل کی درآمد روکنے کا مطالبہ

پیٹرول کی فروخت میں 20 فیصد، ڈیزل کی سیل میں 13 فیصد کمی آ گئی

اسلام آباد (این این آئی) مقامی ریفائنریز نے حکومت سے پیٹرول اور ڈیزل کی درآمد روکنے کا مطالبہ کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق اس سلسلے میں آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کی جانب سے خریداری نہ ہونے پر اوگرا کو خط لکھا گیا ہے۔ کہا گیا کہ پیٹرولیم مصنوعات نہ خریدنے سے آپریشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

لاہور: اسپیکر ملک محمد احمد خان، پنجاب اسمبلی میں کونسل آف چیئرپرسنز کے اجلاس کی صورت کر رہے ہیں، ڈپٹی اسپیکر ملک ظہیر اقبال چیمہ اور سیکرٹری جنرل اسمبلی چوہدری عامر حبیب بھی موجود ہیں۔

آسان کاروبار پروگرام کا اجرا، نوجوان جلاؤ گھیراؤ نہیں ملک کا ساتھ دیں

نواز مریم

آسان کاروبار کارڈ کے تحت بلاسود 10 لاکھ سے 3 کروڑ روپے تک قرضے دیئے جا رہے ہیں، پروگرام کے تحت ملنے والے قرضے کی 3 سال میں آسان اقساط پر واپسی ہوگی

قرضے آپ کو ملے ہیں خوشی مجھے ہو رہی ہے، نواز شریف کی بیٹی آج ایک اور وعدہ پورا کرنے جا رہی ہے، اللہ کا شکر ادا کرتی ہوں

لاہور: (آئی پی ایس) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آسان کاروبار پروگرام کا اجرا کر دیا اور کہا کہ نوجوان جلاؤ گھیراؤ نہیں ملک کا ساتھ دیں۔ آسان کاروبار فنانس اور آسان کاروبار کارڈ کی تقسیم کے سلسلے میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی تقریب میں آسان کاروبار کارڈ دے رہی ہیں۔

اگر کسی کی لڑائی ہے تو پارٹی کے اندر رہنی چاہئے، فیصل چودھری

گروپنگ کی بات کرنے والے بھی بانی پی ٹی آئی کے تابع ہیں، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے وکیل فیصل چودھری نے کہا ہے کہ اگر کسی کی لڑائی ہے تو پارٹی کے اندر رہنی چاہئے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو میں فیصل چودھری نے کہا کہ توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت بغیر وجہ 27 فروری تک ملتوی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کرم روڈ کی سکیورٹی کیلئے خصوصی فورس کا قیام، 407 اہلکار بھرتی کرنے کی منظوری

پشاور (این این آئی) پختونخوا کابینہ کے فیصلے کے تحت کرم روڈ کی سکیورٹی کے لیے خصوصی فورس کا قیام عمل میں لانے کا فیصلہ کیا گیا جس کیلئے 407 اہل کار بھرتی کرنے کی منظوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

پاکستان کی چین کو چلغوزے کی برآمدات 18 ملین ڈالر سے تجاوز کر گئیں

دسمبر 2024 تک چین نے پاکستان سے 981.64 ٹن چلغوزے درآمد کیے

بیجنگ (این این آئی) چین پاکستانی چلغوزے کی سب سے بڑی منڈیوں میں سے ایک بن گیا ہے، گزشتہ سال پاکستان کی چین کو چلغوزے کی برآمدات 18 ملین ڈالر سے تجاوز کر گئیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق چین کی جنرل ایڈمنسٹریشن آف کسٹمز (جی اے سی سی) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

نواز شریف کو غلط نکالا گیا، رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت

نواز شریف کو اس وقت کی اسٹیبلشمنٹ اور ثاقب نثار نے مل کر نکلوایا، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم نواز شریف کو غلط نکالا گیا، نواز شریف کو اس وقت کی اسٹیبلشمنٹ اور ثاقب نثار نے مل کر نکلوایا، اس میں پی ٹی آئی کا کوئی کردار نہیں ہو سکتا تھا۔ نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں پری بجٹ پر بحث چوتھے روز بھی جاری رہی

اشتہار مہم سے خود کو لیڈر نہ بنائیں اگر ایسا ہوتا تو آمر سب سے بڑے لیڈر ہوتے

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں پری بجٹ پر بحث چوتھے روز بھی جاری رہی، اپوزیشن لیڈر ملک احمد خان کھچر نے کہا کہ اشتہار مہم سے خود کو لیڈر نہ بنائیں اگر ایسا ہوتا تو آمر سب سے بڑے لیڈر ہوتے، پنجاب اسمبلی میں سی پی اے سا تھ ایشیا ریجنل کانفرنس کروانے پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن سینٹرل پنجاب کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر تجارت جام کمال خان سے پاکستان آسٹریلیا بزنس کونسل کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے پاکستان آسٹریلیا بزنس کونسل کے وفد نے ملاقات کی جس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

پی ٹی آئی کی سیاست آدھی تیتر آدھے بٹیر والی کہانی ہے، بیرسٹر عقیل ملک

اسلام آباد (این این آئی) مشیر قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو اپوزیشن نہیں، صرف کندھے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

کراچی: سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن سندھ اسمبلی میڈیا کارنر پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

ہمارا بیانیہ عوام کو مہنگائی سے نجات دلا کر خوشحال بنانا ہے

نواز شریف

پارٹی کے سینئر رہنما سینیٹر پرویز رشید، رانا ثناء اللہ، پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب اور راشد نصر اللہ بھی اجلاس میں موجود تھے

بدقسمتی ہے ماضی میں ترقی کرتا ملک پٹڑی سے اتار دیا گیا، سیاست میں گند ڈال کر اسے تباہ کیا گیا

لاہور: (آئی پی ایس) صدر مسلم لیگ ن و سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے کہا کہ ہمارا بیانیہ ملک کی ترقی اور عوام کو مہنگائی سے نجات دلا کر خوشحال بنانا ہے۔ صدر مسلم لیگ ن میاں نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ارکان پنجاب اسمبلی نے ملاقات کی، پارٹی کے سینئر رہنما سینیٹر پرویز رشید، رانا ثناء اللہ، پنجاب کی سینئر وزیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

لیاقت بلوچ کی سینئر سیاسی رہنما مخدوم جاوید ہاشمی سے ملاقات

غرضی نمائشی اور بے روح مذاکرات سے مزید مایوسیاں پھیل رہی ہے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی، مجلس قائمہ سیاسی قومی امور کے صدر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ سیاسی عدم استحکام قومی سلامتی کے لیے مسلسل بڑا خطرہ ہے، آئین، عدلیہ، انتخابات اور بنیادی انسانی حقوق کا تحفظ تشویشی اور عدم تحفظ کا شکار ہے، سیاسی جمہوری قیادت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ضلع کرم میں امدادی اشیاء کے قافلے پر فائرنگ گاڑیوں میں لوٹ مار

ضلع کرم کے علاقے اوچت میں حملہ آوروں کی جانب سے 100 گاڑیوں پر مشتمل ٹرکوں کے قافلے پر فائرنگ کی گئی

لوئر کرم میں حالات کشیدہ ہونے پر قافلے کو ٹل کے مقام پر روک لیا گیا، حملہ آوروں کی جانب سے فائرنگ کا سلسلہ تا حال جاری ہے

پشاور: (آئی پی ایس) ضلع کرم میں امدادی اشیاء کے قافلے پر ایک بار پھر مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ کی گئی جس کے بعد امدادی گاڑیوں میں لوٹ مار بھی کی گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق ضلع کرم کے علاقے اوچت میں حملہ آوروں کی جانب سے 100 گاڑیوں پر مشتمل ٹرکوں کے قافلے پر فائرنگ کی گئی۔ عینی شاہدین کے مطابق 7 مقامات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

سیہون حادثے پر پنجاب حکومت نے سیاست کرنے کی کوشش کی، شرجیل میمن

9 مئی کو بانی پی ٹی آئی نے جو حدود کراس کیں وہ بھی کسی سے چھپی ہوئی نہیں ہیں

کراچی: (آئی پی ایس) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سیہون حادثے پر پنجاب حکومت نے سیاست کرنے کی کوشش کی۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن کا کہنا تھا کہ وفاق میں سب سے زیادہ حکومت مسلم لیگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

عالمی بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز پر مشتمل وفد پاکستان پہنچ گیا

عالمی بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کی وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ملاقاتیں شیڈول ہیں

وفد کی وزیر برائے اقتصادی امور ڈویژن، وزیر منصوبہ بندی اور وزیر توانائی سے بھی ملاقات ہوگی

اسلام آباد: (آئی پی ایس) پاکستان کیلئے 40 ارب ڈالر کے معاشی ترقیاتی فریم ورک پر مملد آمد کا جائزہ لینے کیلئے عالمی بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز پر مشتمل وفد اسلام آباد پہنچ گیا۔ عالمی بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کی وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ملاقاتیں شیڈول ہیں، وفد کی وزیر برائے اقتصادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

وکلا نے بانی پی ٹی آئی کو نیا ذریعہ آمدن بنا لیا، عرفان صدیقی

پی ٹی آئی نے رسائی کو بہت بڑا مسئلہ بنا لیا ہے، یہ کوئی ایشو نہیں، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی وکلاء سے متعلق ایک بڑی خوفناک خبر سامنے آئی ہے، وکلا نے بانی پی ٹی آئی کو نیا ذریعہ آمدن بنا لیا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کی پریس کانفرنس پر ردعمل میں عرفان صدیقی نے کہا کہ پاکستان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اوورسیز پاکستانی ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

گورنر سندھ

یہ ہم سب کا ملک ہے، آپ کے والدین اور بزرگ پاکستان سے آئے ہیں، ہمیں اس کی عزت کا خیال رکھنا چاہیے

پاک فوج پاکستان کی سلامتی، استحکام اور ترقی کی ضامن ہے، ہمیں پاکستان کے وقار اور عزت کا ہر صورت خیال رکھنا ہوگا

لوٹن: (آئی پی ایس) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ برطانیہ کے شہر لوٹن میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ سیاست نہیں کرنی چاہیے، یہ ہم سب کا ملک ہے، آپ کے والدین اور بزرگ پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

بلاول بھٹو وزیراعظم بنیں گے تو ملک کے مسائل حل ہوں گے، سردار سلیم حیدر خان

حکومت کو پسماندہ علاقوں میں بہتر تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کیلئے اقدامات اٹھانے ہونگے

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ تعلیم اور صحت کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہئے، تعلیمی اداروں میں میرٹ کو فروغ اور سفارشی کلچر کا خاتمہ کرنا ہوگا، نوجوانوں کو تعلیم کے ساتھ ہنرمند بنا کر معاشرے کا مفید شہری بنایا جا سکتا ہے۔ یہ بات انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اداریہ

آپ کی رائے

پاکستان، ترکیہ قیادتوں سے اتحادِ امت کیلئے وابستہ توقعات

ڈاکٹر راشد حسینی

صدر ترکیہ رجب طیب اردگان نے مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے پاکستان کے موقف کی مکمل حمایت کرتے ہوئے فلسطین و کشمیر کی آزادی کیلئے فلسطینی اور کشمیری عوام کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہونے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے غزہ کی زمین پر کوئی سمجھوتہ نہ کرنے کا بھی اعلان کیا اور عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ فلسطینیوں کو تنہا نہ چھوڑے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دورہ پاکستان کے دوران صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر سے ملاقاتوں کے موقع پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا۔ گزشتہ روز صدر اردگان اور وزیر اعظم شہباز شریف میں ملاقات کے موقع پر پاکستان اور ترکیہ کے مابین 24 معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط ہوئے اور سٹریٹیک تعاون مزید مستحکم بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ دونوں ممالک کے مابین دفاع، تجارت اور سرمایہ کاری میں اضافہ کے اقدامات اٹھانے اور دہشت گردی و انتہا پسندی کیخلاف مشترکہ کوششیں بروئے کار لانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا، مسلمانوں کیخلاف دہشت گردی، نسل پرستی کے حملوں اور اسلاموفوبیا کے بڑھتے رجحان پر تشویش کا اظہار کیا گیا اور اعلان کیا گیا کہ ترکیہ پاکستان میں اپنی دفاعی صنعت کیلئے سرمایہ کاری کریگا۔ دونوں ممالک کے مابین ایئر فورس الیکٹرانک وار فیئر اور انرجی ٹرانزیشن کے شعبے میں تعاون کی مفاہمتی یادداشت پر بھی دستخط ہوئے۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر ترکیہ رجب طیب اردگان کے مابین وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات ہوئی، وزیر اعظم ہاؤس پہنچنے پر صدر ترکیہ کا میاں شہباز شریف نے پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر صدر ترکیہ کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا جبکہ لڑاکا طیاروں کا فلائی مارچ پاسٹ ہوا۔ اردگان نے وزیر اعظم ہاؤس کے احاطہ میں پودا بھی لگایا۔ بعدازاں دونوں رہنماؤں کے مابین دوطرفہ ملاقات ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے مختلف دوطرفہ علاقائی اور عالمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس ملاقات کے بعد ترکیہ پاکستان ہائی لیول سٹریٹیک کوآپریشن کونسل کا ساتواں اجلاس ہوا جس کی دونوں رہنماؤں نے مشترکہ صدارت کی۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے پاکستان اور ترک رہنماؤں کے ساتھ ساتھ اعلیٰ سطحی سٹریٹیک کوآپریشن کونسل کے درمیان ہونے والی ملاقات میں بھی شرکت کی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے ترک کمپنیوں کو دعوت دی کہ وہ پاکستان کے معاشی، تجارتی اور سرمایہ کاری کے منظرنامے کی بے پناہ صلاحیت سے فائدہ اٹھائیں اور مختلف شعبوں میں باہمی سودمند تعاون کیلئے کام کریں۔ وزیر اعظم نے جموں و کشمیر کے تنازعہ پر صدر اردگان کے مضبوط، مستقل اور اصولی موقف پر ان کا شکریہ ادا کیا اور ترکیہ کیلئے پاکستان کی مستقل حمایت کا اعادہ کیا، دونوں رہنماؤں نے فلسطین کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کیا جبکہ وزیر اعظم شہباز شریف نے فلسطین کے دو ریاستی حل کیلئے پاکستان کے مطالبے کا اعادہ کیا۔

صدر رجب طیب اردگان کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کیخلاف جنگ اور مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے پاکستانی کوششوں کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ اسلام آباد میں مختلف معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے صدر ترکیہ کا کہنا تھا کہ پاکستان آکر انہیں دلی مسرت ہوئی ہے۔ پاکستان ہمارا دوسرا گھر ہے۔ قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ اقبال ہمارے بھی ہیرو ہیں۔ انکے بقول دونوں ممالک نے باہمی تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا ہے۔ صدر آصف علی زرداری سے ملاقات میں تجارتی امور پر گفتگو ہوئی۔ ہم اپنے سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی ترغیب دے رہے ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ قبرص کے معاملہ پر پاکستانی حمایت ہمارے لئے بہت اہمیت رکھتی ہے۔ ہم نے دنیا کے ہر فورم پر پاکستان کے ہمراہ فلسطین کیلئے آواز بلند کی ہے۔ فلسطینی بھائیوں کی مدد ہمارا فرض ہے۔ آزاد ریاست فلسطین کے قیام کیلئے ہم مل کر کوششیں جاری رکھیں گے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر ترکیہ نے اسلام آباد میں رجب طیب اردگان انٹرچینج کا مشترکہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہم دوطرفہ تجارتی حجم پانچ ارب ڈالر تک لے جانے کیلئے پرعزم ہیں۔ صدر اردگان نے پاکستان ترکیہ بزنس فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ مل کر خطے میں امن و ترقی کیلئے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس وقت مسلم دنیا کو اسلاموفوبیا کے بڑھتے رجحان اور کشمیر و فلسطین میں بھارتی اور اسرائیلی فوجوں کے جاری مظالم بالخصوص فلسطین کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے امریکی اسرائیلی عزائم کی بنیاد پر جن چیلنجوں کا سامنا ہے اور اسکے ساتھ ساتھ دہشت گردی اور ماحولیاتی تبدیلیوں نے جس طرح اس خطے کے ممالک کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے اسکے تناظر میں صدر ترکیہ رجب طیب اردگان کا دورہ پاکستان انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ان چیلنجوں کی بنیاد پر اسلامی بلاک قائم کرنے کا جو تصور ابھر کر سامنے آرہا ہے اس کے لئے پاکستان ترکیہ تعاون یقیناً مضبوط بنیاد فراہم کر سکتا ہے۔ پاکستان اور ترکیہ مسلم برادر ملک کے جذبے کے تحت بھی ایک دوسرے کے ساتھ بے لوث دوستی کے بندھن میں بندھے ہوئے ہیں جسے الحادی قوتوں کی کوئی سازش کمزور نہیں کر سکتی۔ یہ امر واقع ہے کہ سیلاب، طوفان، زلزلہ کی صورت میں پاکستان پر ٹوٹنے والی کسی بھی افتاد سے نمٹنے کیلئے ترکیہ پاکستان کے شانہ بشانہ امدادی کاموں میں مصروف نظر آتا ہے اور اسکی جانب دست تعاون دراز کئے رکھتا ہے۔ اسی طرح پاکستان بھی آزمائش کے ہر مرحلے میں ترکیہ کے ساتھ کھڑا نظر آتا ہے۔ ترکی پر زلزلے کی شکل میں ٹوٹنے والی افتاد کے دوران حکومت پاکستان ہی نہیں نجی سطح پر قائم پاکستان کی فلاحی تنظیموں نے بھی ترکیہ میں بڑھ چڑھ کر بحالی کے کاموں میں حصہ لیا اور ترک باشندوں کو تنہائی کا احساس نہیں ہونے دیا۔ اسی طرح ترک قوم بھی کشمیر ایشو پر اور دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاکستانی قوم کے شانہ بشانہ نظر آتی ہے۔ کشمیر ایشو پر تو عالمی اور علاقائی فورموں پر پاکستان کے ہم آہنگ سب سے مضبوط آواز ترکیہ کی جانب سے ہی اٹھائی جاتی ہے۔ پانچ اگست 2019 کو جب بھارت کی مودی سرکار نے شب خون مار کر اپنے ناجائز طور پر زیر تسلط جموں و کشمیر کو بھارتی سٹیٹ یونین کا حصہ بنانے کا اقدام اٹھایا تو اس کیخلاف سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس بلانے کیلئے بھی جاندار کردار ترکیہ نے ہی ادا کیا تھا۔ ترکیہ کی جانب سے کشمیریوں کے حق خودارادیت کی نہ صرف حمایت کی جاتی ہے بلکہ اقوام متحدہ سمیت ہر علاقائی اور عالمی فورم پر مسئلہ کشمیر یو این قراردادوں کے مطابق حل کرنے پر بھی زور دیا جاتا ہے۔

شکریہ پاکستان

مہمان کالم
سردار عبدالخالق وصی

پاکستان کے عوام، حکومت، عساکر پاکستان، سیاسی و مذہبی جماعتیں قومی اخبارات و ذرائع ابلاغ، الغرض مختلف شعبہ ہائے زندگی و مکاتب فکر و نظر سب ہی روز اول سے کشمیریوں کی حق خودارادیت کی جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑے رہے ہیں اور کھڑے ہیں۔ پاکستان کرۂ ارض پر واحد ملک ہے جو کشمیریوں کی جدوجہد آزادی و حق خود ارادیت میں ان کے ساتھ تسلسل و تواتر کے ساتھ کھڑا ہے اور ہر قومی و بین الاقوامی فورم پر کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے۔ مختلف حکمرانوں کے ادوار حکومت میں کی جیسی اپنی جگہ مسلمہ سہی لیکن اصولی موقف سے انحراف کبھی بھی نہیں کیا گیا ماسوائے عمران خان اور جنرل باجوہ کے اشتراک سے جو حکومت قائم تھی اس دوران 5 اگست 2019ء کے سقوط کشمیر پر انھوں نے نہ صرف غفلت مجرمانہ کا ارتکاب کیا بلکہ کشمیریوں میں مایوسی اور بددلی کی ایک ایسی لہر پیدا کی جس کے اثرات آج کل روبہ عروج نظر آتے ہیں لیکن یہ سب عارضی اور وقتی مایوسی ہے اسے سیاسی و معاشی ناہمواریوں کے تغیر و تبدل اور اصلاح احوال سے بہتر ہو جانگی اور یہ صورتحال بھی اسی عمران باجوہ کے اشتراک کا شاخسانہ ہے ورنہ سیاسی ادوار حکومت اور فوجی ادوار حکومت میں بھی کبھی ایسی بددلی و مایوسی نہیں ہوئی جس طرح کی آج آزاد جموں و کشمیر میں درپیش ہے لیکن اس بار کے یوم یکجہتی کشمیر کے انعقاد نے اس مایوسی کو امید و یقین میں بدلا ہے۔

5 فروری کو منایا جانے والا یوم یکجہتی کشمیر تو ایک علامتی دن ہے جس دن اہل پاکستان کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں ورنہ کون سا دن ہے جو اہل پاکستان ہمارے ساتھ اظہار یکجہتی نہیں کرتے آزاد جموں و کشمیر میں جب سیلاب آئے یا زلزلہ کشمیریوں کو کسی آفات سماوی و ارضی کا سامنا ہو پاکستان کے طول و عرض سے ایک ایک فرد ہر کشمیریوں کی مدد کو پہنچتا ہے۔

مجھے یاد ہے جب 1992ء میں سیلاب آیا ہمارے دریاؤں پر پل ٹوٹ گئے آزاد کشمیر پاکستان سے کٹ گیا گویا ایک طرح کا "خود مختار" ہو گیا تھا مہینوں نہیں بلکہ دنوں میں حکومت پاکستان جو اس وقت محمد نواز شریف کی قیادت میں تھی فوری عارضی پل نصب کر کے ہماری خوراک و ضروریات زندگی کی رسد بحال کی اور تباہ حال سڑکوں کو ایمرجنسی بنیادوں پر خطیر فنڈز فراہم کر کے رواں دواں کیا گیا پاکستان آرمی نے جنگ کی صورت میں محفوظ پل دریاؤں پر نصب کر کے راستے بحال کیے 2005ء کے زلزلے میں اہل پاکستان بالخصوص افواج پاکستان جس طرح کشمیریوں کی امداد کو پہنچے اس کی تاریخ میں مثال ملنا مشکل ہے۔ آج آزاد کشمیر میں جو بلند و بالا عمارات و انفراسٹرکچر نظر آرہا ہے یہی زلزلے میں شہید ہونے والے ہزاروں جانوں کی قربانیوں کا ثمر ہے کہ پاکستان کے توسط سے ہی بین الاقوامی اداروں نے اس میں فراخ دلانہ حصہ لیا۔

ان دنوں قائد پاکستان محمد نواز شریف جلاوطن تھے جونہی وطن پہنچے سب سے پہلے انھوں نے مظفر آباد آکر کشمیریوں سے یکجہتی و خیر سگالی کا اظہار کیا۔

حالیہ یوم یکجہتی کشمیر پر قائد پاکستان محمد نواز شریف، صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف، نائب وزیر اعظم پاکستان سینیٹر اسحاق ڈار، وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے پیغام محض روایتی نشریاتی پیغام نہ تھے بلکہ ان کی حسن نیت و عمل کے بھرپور عکاس تھے جن سے ان کی کشمیریوں سے محبت اور کمٹمنٹ کی جھلک نظر آتی تھی۔ کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لیے آزاد جموں و کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد میں منعقدہ دو تقاریب ایک آزاد جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی میں وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے خطاب اور دوسری اے جے کے بریگیڈ ہیڈ کوارٹرز میں منعقدہ تقریب جس سے آرمی چیف سید عاصم منیر کا دبنگ و جرأت مندانہ خطاب شامل تھا۔

وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف اپنے رفقاء وفاقی وزیر امور کشمیر اور گلگت بلتستان امیر مقام، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات پروفیسر احسن اقبال اور وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کے ہمراہ مظفر آباد پہنچے تو وزیر اعظم آزاد کشمیر، آزاد جموں کشمیر کی پارلیمانی سیاسی جماعتوں کے قائدین اور اعلیٰ حکام نے ان کا استقبال کیا پولیس کے دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا۔ وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے کشمیریوں کی تحریک آزادی میں دی گئی قربانیوں پر انھیں زبردست خراج تحسین پیش کیا اور انھیں پاکستان کے عوام حکومت افواج پاکستان کی طرف سے ان کی جدوجہد آزادی کی تکمیل تک سیاسی، سفارتی و اخلاقی سطح پر مکمل تعاون کا یقین دلایا وزیر اعظم پاکستان نے کشمیریوں پر بھارتی مظالم کی مذمت اور بھارت کو باامقصد مذاکرات کی دعوت دی کہ وہ کشمیریوں کے ساتھ کیے گئے وعدوں اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں مسئلہ کشمیر کو حل کرے۔ اس سے قبل ہمارے ہر دلعزیز وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار جو خود بھی کشمیر النسل ہیں، نے بھی ایک پیغام میں پورے تاریخی پس منظر اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے حوالے اور بھارت کی ماضی کی قیادت کے کشمیریوں کے ساتھ وعدوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے حل پر زور دیا۔

اس بار یکجہتی کشمیر کے حوالے سے مظفر آباد میں منفرد و یکتا عسکری تقریب کا انعقاد کیا گیا جس سے آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے ولولہ انگیز و روح پرور خطاب کیا ان کے ہمراہ 10 کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل شاہد امتیاز، گیریژن کمانڈر میجر جنرل عرفان، مقامی بریگیڈ کمانڈرز ساجد اقبال، قیصر اور دیگر آرمی آفیسرز بھی موجود تھے۔ جنرل عاصم منیر نے کہا کہ کشمیر اور پاکستان لازم و ملزوم ہیں۔ ان کو ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ انھوں نے اس خطے سے اپنی وابستگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انھوں نے چار ادوار میں اس خطے میں سروس کی اور مختلف حیثیتوں میں یہاں سروس کی۔ میں یہاں کے لوگوں کے مزاج و عادات سے بخوبی واقف ہوں۔ پاکستان سے کشمیریوں کی محبت لازوال ہے۔ ہماری قسمت ایک دوسرے سے جڑی ہے۔ پاکستان نے کشمیر کے لیے تین جنگیں لڑی ہیں۔ ہمیں دس جنگیں بھی لڑنی پڑیں تو لڑیں گے کشمیریوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے تاوقتیکہ کشمیری اپنی آزادی کی جنگ جیت کر اپنی آزادانہ مرضی اور خواہش کے مطابق پاکستان کا حصہ نہیں بن جاتے کشمیریوں نے تقسیم ہند سے قبل ہی اپنی آزادی کو الحاق پاکستان سے مشروط کیا تھا اور وہ اس پر قائم دائم ہیں۔

مستند ہے میرا فرمایا ہوا!

رقیہ غزل

یہ ایک زندہ جاوید حقیقت ہے کہ پاکستان دنیا کی وہ واحد مملکت ہے جو اسلام کے نام پر حاصل کی گئی ہے۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ سعودی عرب دنیا کی پہلی اسلامی ریاست ہے جس کی بنیاد اسلام پر رکھی گئی تھی۔ اس لحاظ سے پاکستان دنیا کی دوسری بڑی اسلامی ریاست ہے، اسے اسلام کا قلعہ بھی قرار دیا جاتا ہے۔ اسکے قیام کے پیش نظر مقاصد میں سب سے اہم تھا ایسا قطعہ زمین حاصل کرنا جہاں اسلام کو "کمزور" ہونے سے بچایا جا سکے درحقیقت اسلامی ریاست کا مطلب ہی ایسی ریاست کا قیام تھا جہاں عدل و انصاف کا بول بالا ہو، امن و سلامتی کا شہرہ ہو، ہر انسان خوشحال ہو، اقلیتوں کو مذہبی آزادی ہو، عام آدمی کو بنیادی حقوق حاصل ہوں۔ الغرض ایسی ریاست جہاں راوی چین ہی چین لکھتا ہو مگر بدقسمتی سے آج پاکستان کے طول و عرض میں قیام پاکستان کا مقصد ڈگرگوں ہے۔ آج یہ ایک جمہوری دور ہے جس میں حکمران اپنے قول و فعل کو "مستند" منوانا چاہتے ہیں۔ وزیروں اور مشیروں کی پوری فوج اور مکمل نظام عدل موجود ہے، پھر بھی ہر شخص سڑکوں پر انصاف کے لیے دہائی دے رہا ہے، فیصلے بھی التوا کا شکار ہیں اور نظام زنگ آلود ہو جانے کی وجہ سے چلنے سے قاصر نظر آتا ہے۔ مگر آج میں جمہوری دور پر کچھ نہیں لکھوں گی، ذرا گزرے زمانوں کی بات ہو جائے۔ بات ہو رہی تھی بادشاہت کی تو مجھے ایک بادشاہ کا قصہ یاد آ گیا۔

پرانے وقتوں میں ہر طبیعت کا بادشاہ گزرا ہے۔ منصف، جابر، ظالم، خدا ترس اور جیسے ان کے اعمال تھے ویسے انکے انجام بھی ہوئے کیونکہ یہ قانون فطرت ہے کہ انسان جو بوتا ہے وہی کاٹتا ہے۔ گزرے زمانوں کی بات ہے کہ ایک بادشاہ تھا۔ جس کے عدل و انصاف کا دور دور تک شہرہ تھا۔ جس کے عہد میں شیر اور بکری ایک گھاٹ پانی پیتے تھے۔ کسی طاقتور میں بھی اتنی جرأت نہیں تھی کہ وہ مجرم کو بچانے کے لیے سفارش کرے! ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ بادشاہ کا بیٹا شکار کھیل کر واپس آ رہا تھا، شہزادے کی طبیعت میں کافی حد تک الہڑ پن اور بے نیازی موجود تھی جو کہ اکثر شہزادوں کی طبیعت کا خاصہ ٹھہرتی ہے۔ شہزادہ فتح سے سرشار گھوڑی چپاتا ہوا ہاتھی پر سوار گنگناتا ہوا جا رہا تھا کہ ایک گھر میں کسان کی بیوی تھی۔ غریب کی جھونپڑی کا نشیمن ہاتھی پر بیٹھ کر اور واضح ہو گیا تھا۔ شہزادے کو شرارت سوجھی اور اسی ترنگ میں پان کی گلوری اس عورت پر تھوکی، فقرے کسے بلکہ دست درازی کی بھی کوشش کی۔ وہ غریب عورت سہم گئی اور رونے لگی اور شہزادہ قہقہے لگاتا گنگناتا ہوا چلا گیا۔ کسان کی بیوی اس بے عزتی کیوجہ سے کنویں میں چھلانگ لگانے لگی تھی مگر کسان نے اسے سمجھا بجھا کر بٹھایا اور سمجھایا کہ بادشاہ ایک خدا ترس اور نیک انسان ہے۔ اس نے ہمیشہ انصاف کیا ہے۔ ایک طرف اس کا بیٹا ہے تو کیا ہوا اگر وہ حقیقتاً منصف ہے تو انصاف ضرور کرے گا ورنہ جو آج تک ہم سنتے اور دیکھتے آئے ہیں سمجھ لینا بادشاہ کا مکروفریب تھا جو ڈھول پیٹنے والوں نے مشہور کر رکھا تھا۔ بیوی کو سمجھا بجھا کر کسان محل کی طرف چل دیا اور بادشاہ سے فریاد کی۔ بادشاہ وزیر باتدبیر سے مخاطب ہوا: تم اس بارے کیا کہتے ہو! وزیر بولا: بادشاہ سلامت! انصاف کا تقاضا تو یہ ہے کہ شہزادے نے جو کسان کے ساتھ کیا ہے ویسے ہی اس کے ساتھ کیا جائے تاکہ آئندہ کوئی ایسی حرکت نہ کر سکے مگر چونکہ شہزادہ حضور آپ کے جانشین ہیں، وہ سزا سے مبرا ہیں۔ آپ کسان کو چاہا بھی کر سکتے ہیں" بادشاہ نے سر جھکا لیا، چند لمحوں بعد سر اٹھایا اور نفرت سے بیٹے کی طرف دیکھ کر کہا! "تو رب کے غضب سے نہیں ڈرتا مگر میرے بیٹے مجھے اس مالک دو جہاں سے بہت ڈر لگتا ہے" اور فیصلہ سنا دیا۔۔۔ جس کے مطابق کسان کو ہاتھی اور پان کی گلوری دی جائے اور ایسے ہی کسان شہزادے کے محل کی طرف سے گزرے اور شہزادے کی بیوی کو اس کے سامنے کیا جائے۔ اس فیصلے کے ہوتے ہی سب پر سکوت طاری ہو گیا اور سب درباری بول اٹھے، اے وقت کے بادشاہ! "یہ مناسب نہیں ہے سزا پر غور کیا جائے اور اس آدمی کو سزا دی جائے اس نے شہزادہ حضور کی شکایت کرنے کی گستاخی کی ہے۔" مگر۔۔۔ بادشاہ نے کہا! "حکم کی تعمیل ہو" اتنی دیر میں کسان بادشاہ کے قدموں میں گر پڑا اور بولا اے عظیم بادشاہ! خدا آپ کا اقبال بلند رکھے، مجھے میرا انصاف مل گیا ہے۔ مجھے اور کچھ نہیں چاہیے" بادشاہ نے اسے زیورات اور اشرفیوں کے ساتھ رخصت کیا۔ بعد میں شہزادہ خود بھی اس سے معافی مانگنے گیا۔ افسوس۔۔۔! نہ وہ بادشاہ رہے نہ وہ وزیر باتدبیر۔۔۔ رہ گئے تو صرف "درباری"۔ جنہیں نہ "خدا" سے ڈر لگتا ہے اور "نہ روز حشر" سے۔ بس اپنی مطلب براری مقصود ہے تو ایسے میں کون انصاف مانگے، کس سے مانگے اور کون انصاف دے گا؟ مگر یاد رہے جہاں جہاں انصاف کی موت ہوئی وہ ریاستیں صفحہ ہستی سے مٹ گئیں۔ آج اگر ہمیں قیام پاکستان کے مقاصد کو پورا کرنا ہے تو انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنا ہوگا اور کالے قوانین کا سہارا لینے کی بجائے نظام عدل کو شفاف اور آزاد کرنا ہوگا کیونکہ عدل ہی خوشحالی کا ضامن ہے! کہا جاتا ہے کہ ایک بادشاہ نے ایک دانشور بزرگ سے کہا کہ ایک ایسا حکیمانہ قول لکھ کر دو جو میری رہنمائی ریاستی خوشحالی میں کرے، اس نے لکھ کر دیا: باپ مر جاتا ہے، بیٹا مر جاتا ہے، پوتا مر جاتا ہے، بادشاہ بہت خفا ہوا۔ کہا! یہ کیا لکھا ہے میں نے خوشحالی کا راز کہا تھا۔ اس دانشور بابا نے کہا: عالم پناہ! میں نے وہی لکھا ہے۔ اگر آپ کا پوتا پہلے مر جائے یا بیٹا آپ سے پہلے مر جائے تو آپ پر مصیبت ٹوٹ پڑے گی لیکن اگر یہ ترتیب ایسے ہو جیسے میں نے بتائی ہے تو یہ فطری عمل ہوگا کیونکہ فطری ترتیب میں ہی خوشحالی ہے۔ اسی طرح عدل و انصاف کے تقاضوں کو یقینی بنانے اور انصاف کی فراہمی جلدی اور حق دار کی دادرسی کرنے میں ہی ریاست کی خوشحالی ہے ورنہ ریاست کا زوال ہے اور یہ نوشتہ دیوار ہے کہ ایسی ریاست زیادہ دیر نہیں چل سکتی ہے جہاں حکمرانوں کا طرز حیات یہ ہو کہ!

سارے عالم پر ہوں میں چھایا ہوا
مستند ہے میرا فرمایا ہوا

ڈونلڈ ٹرمپ کی دوسری بار آمد۔۔۔۔۔۔۔


ڈاکٹر راشد حسینی

صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات میں گرمجوشی پیدا ہوئی اور پھر دونوں رہنماؤں کے درمیان اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس اور ورلڈ اکنامک فورم کے موقع پر بھی متعدد ملاقاتیں ہوئی۔ اس دور میں ٹرمپ انتظامیہ نے پاکستان کو کروڑوں ڈالرز سے نمٹنے کے لیے آٹھ کروڑ ڈالرز کی اضافی امداد بھی دی تھی۔ تاہم افغانستان سے امریکی افواج کے انخلا کے بعد ہماری فوجی اور سول امداد میں مسلسل کمی کی جاتی رہی جو 2023 میں کم ہو کر صرف سترہ کروڑ ڈالرز رہ گئی جبکہ 2010 تک امریکہ پاکستان کی سالانہ دو ارب اڑسٹھ کروڑ ڈالرز دیتا تھا۔

امریکی ڈپلومیٹ اور ماہر خارجہ امور ڈیلے خلیل زاد جو قبل ازیں بھی اس خطے کے لیے ایلچی کا کردار ادا کرتے رہے ہیں ان کی اہمیت کے پیش نظر وہ دوبارہ پرانے کھلاڑی کی طرح اپنا کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے پاکستان کی موجودہ حکومت کے خلاف اور عمران خان کے حق میں کافی بیانات بھی دیے ہیں۔ لیکن پی ٹی آئی کی امیدوں پر پانی پھر گیا ہے۔ کہ اب تک ٹرمپ نے عمران خان کی رہائی میں کوئی کردار ادا نہیں کیا۔۔۔۔ اور نہ ہی مستقبل قریب میں ایسے کوئی امکانات ہیں کہ وہ ہمارے اندرونی معاملات میں اسقدر مداخلت کرے۔

پاک ایران گیس منصوبہ

ماہر معیشت ڈاکٹر مونس احمر کا کہنا ہے کہ چاہے ڈیموکریٹک پارٹی ہو یا ریپبلکن پارٹی ایران کے ساتھ امریکی تعلقات میں بہتری کی گنجائش کم ہی ہے۔ اس لیے اس بات کا امکان بہت کم ہے کہ پاکستان کی امریکی پابندیوں کے تناظر میں ایران پاکستان گیس پائپ لائن پر کوئی ریلیف مل سکتا ہے۔ جبکہ ماضی حال کو دیکھا جائے تو امریکی انتظامیہ سے ایران کو رعایت دینے کے حق میں نہیں اور یہ معاملہ شاید اسی طرح لٹکا رہے۔۔۔۔ لیکن پاکستان نے کبھی اپنا بھرپور اور ٹھوس موقف پیش کرنے کی غالباً کوشش ہی نہیں کی ورنہ دلائل سے قائل کرنا کوئی مشکل امر نہیں یہ ہمارے ملک و قوم کیلیے ایک گھمبیر مسئلہ ہے۔ جس سے ہماری معاش اور معیشت کی ترقی وابستہ ہے۔ لیکن اس کے لیے بھرپور سفارتکاری اشد ضروری ہے نیز ہم یہ بھی محسوس کرتے ہیں کہ ایک جانب امریکہ ایران پاکستان گیس پائپ لائن منصوبہ کے خلاف نہیں بلکہ اس منصوبے کی حمایت کرتا آیا ہے۔ مونس احمر تجزیہ نگار کے مطابق ایک خیال یہ بھی ہے کہ ڈیلے خلیل زاد کی یہ کوشش بھی ہو سکتی ہے کہ پاکستان کی ملٹری اسٹیبلشمنٹ کا سیاست میں جھکاؤ کو کسی طرح کم کیا جائے یا پھر گرفت کمزور کی جائے۔

اب آتے ہیں ٹرمپ کے تازہ اور حیرت انگیز بیانات اور پالیسی میٹرز کی جانب:

گزشتہ چالیس برس میں یہ تقریب کانگریس کی عمارت کے ہال میں تقریب کو منتقل کی گئی تھی۔ شدید سردی منفی 11 درجہ میں وائٹ ہاؤس واشنگٹن ڈی سی امریکی کیپٹل عمارت کے اندر امریکہ کے 47 ویں صدر نے حلف اٹھایا۔ اس تقریب میں ایک ٹریلین ڈالر سے زیادہ دولت کے مالک، درجن بھر سے زائد ارب پتی شخصیات کو دعوت دی ان میں سندر پچائی، ایلون مسک، چیف بیزوس اور مارک ذکر برگ اور چینی سوشل میڈیا کمپنی کے ٹک ٹاک کے سربراہ چیو بھی شامل ہیں علاوہ ازیں ریاست متحدہ ہائے امریکہ کے سابق سربراہ بل کلنٹن، جارج بش اور بارک اوباما کو بھی دعوت دی گئی تھی۔ ٹرمپ کے ہمراہ ان کی اہلیہ خاتون اول میلانیا ٹرمپ بھی موجود تھیں۔ کیپٹل عمارت کا ہال مہمانوں سے کھچا کھچ لیکن منظم انداز میں بھرا ہوا تھا۔ تقریب کا آغاز ہوا۔۔۔۔۔۔ ہال میں خاموشی چھا گئی۔۔۔۔ اور پھر جس کا انتظار تھا۔۔ اس شاہکار نے اپنی گفتگو کا آغاز کرتے ہوئے کہا۔۔۔ آج امریکہ کے سنہرے دور کا آغاز ہو رہا ہے اور اس کا زوال ختم مجھے خدا نے امریکہ کو دوبارہ عظیم بنانے کے لیے زندہ رکھا ہوا ہے۔ ان کی طویل گفتگو میں جن اقدامات کا اعلان کیا گیا ان کا اجمالی جائزہ۔۔۔۔۔۔ ان کی گفتگو میں زیادہ تر توجہ امریکی عوام اور قومی معاملات پر رہی۔ انہوں نے کہا

۱۔ وہ لاکھوں کروڑوں کریمنل ایلیئنز Allians کو ملک بدر کریں گے۔

۲۔ دیگر ممالک پر ٹیرف اور ٹیکس لگائے جائیں گے۔

۳۔ غیر قانونی امیگریشن کو قومی ایمرجنسی قرار دیا جائے گا۔

۴۔ امریکہ اور میکسیکو کی سرحد پر فوج بھیجیں گے اور امیگریشن کریک ڈاؤن کے ایک حصے کے طور میکسیکو میں رہیں گے۔

۵۔ امریکی غلاموں کو مریخ پر بھیجیں گے اور وہاں امریکی پرچم لہرائیں گے۔

۶۔ امریکی شہریت کا پیدائشی حق ختم کر دیا جائے گا۔

۷۔ کلائمٹ چینج کے ذریعے امریکہ اپنی سرزمین سے تیل نکالے گا۔

۸۔ انہوں نے خلیج میکسیکو کا نام بدل کر "خلیج امریکہ" رکھ دیا گیا۔

۹۔ پانامہ کینال پر دوبارہ امریکی تسلط بحال کیا جائے گا۔

۱۰۔ 6 جنوری 2021 کو ٹرمپ کے جن حامیوں کو کیپٹل ہل پر حملے میں سزائیں ہوئی تھی۔ انہیں معافی کا اعلان کیا گیا۔

۱۱۔ ٹک ٹاک کو مزید 90 دن تک بحال رکھنے کا عندیہ دیا۔

۱۲۔ نومنتخب امریکی صدر نے تجارتی خسارے کو کم کرنے کے لیے غیر ملکی اشیاء پر کم از کم دس فیصد محصولات کی تجویز بھی پیش کی۔

۱۳۔ خواجہ سراؤں کی صنف کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔

۱۴۔ موت کی سزا کو دوبارہ متعارف کرایا جائے گا۔

۱۵۔ پیرس معاہدے سے دستبرداری بھی ایک اہم قدم ہوگا۔ 1751 سے آج تک امریکہ دنیا بھر میں سب سے زیادہ آلودہ ہوا) کاربن ڈائی اکسائیڈ) خارج کرنیوالا ملک ہے جو اب تک 400 بلین ٹن کاربن ڈائی اکسائیڈ خارج کر چکا ہے۔

۱۶۔ الیکٹرک گاڑیوں پر پابندی اور فیول پر ٹیکس عمل میں لائی جائے گی۔

۱۷۔ ورلڈ ہیلتھ آرگنائیزیشن سے علیحدگی۔ اس عمل سے تیسری دنیا کے ممالک کو موذی بیماریوں سے نمٹنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے جس میں امریکہ کا WHO کی کل آمدن کا اٹھارہ فیصد ہے

۱۸۔ گیارہ ملین غیر قانونی مقیم ورکرز کی بے دخلی کے اعلان سے دو بڑے سیکٹر یعنی زراعت اور تعمیراتی صنعت کو سب سے زیادہ نقصان ہوگا۔ لیکن ٹرمپ اس تباہ کن آلودگی کے باوجود (صدر ٹرمپ (فوسل فیول انڈسٹری کو نت نئے طریقے سے واپس لا رہے ہیں اور وہ الیکٹرک وہیکلز اور دوسرے متبادل ذرائع پر بھی مکمل طور پر پابندی لگانے کے خواہاں ہیں

بقیہ 1

میں وقفہ سوالات کے دوران اراکین قومی اسمبلی کے کئی سوالات پر جواب میں عطاء تارڑ نے کہا کہ گوجرانوالہ ڈویژن میں سب سے زیادہ انسانی سمگلنگ کا معاملہ ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ انسانی سمگلنگ میں کئی لوگوں کے حادثات ہو چکے ہیں، وزیراعظم نے انسانی اسمگلنگ کے حوالے سے اس کئی میٹنگز کی ہیں۔ وزیر اطلاعات و نشریات نے کہا کہ اس حوالے سے قانون سازی کر رہے ہیں، اب تک 436 سمگلرز گرفتار کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسمگلرز کی پراپرٹیز ضبط کی جا رہی ہیں، اسمگلر کے بینک اکاؤنٹس بھی منجمد کئے کیے ہیں۔ عطاء تارڑ نے کہا کہ حکومت انسانی سمگلنگ کے حوالے سے کوئی رعایت روا نہیں رکھے گی، عوام میں شعور بڑھانے کی ضرورت ہے۔ وزیر اطلاعات نے بتایا اوورسیز پاکستانیز نے ملک میں ریکارڈ ریمیٹنسز بھجوائی ہیں، ترسیلات زر میں 32 فیصد اضافہ ہوا ہے جس پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاسپورٹس اور شناختی کارڈز بلاک کرنے کا بنیادی مقصد غلط راستے سے غیر قانونی طریقے سے جانے والوں کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ جب کوئی اس ملک کے قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے تو وہ قانونی طریقے سے اس ملک میں رہائش پذیر افراد کا نقصان کرتا ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ ایسا طبقہ جو ورک پرمٹ اور اقامہ کی مدت ختم ہونے کے بعد بھی وہاں رہائش اختیار کرتا ہے تو وہ قانونی طریقے سے رہنے والوں کے لئے بھی مشکلات کھڑی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون میں قدغن برابر لگائی گئی ہے۔

بقیہ 2

ترمیم پاس کرائی، پی ٹی آئی کا اصولی موقف ہے 26ویں ترمیم کیس کی سماعت جلد سے جلد ہو، تمام جج صاحبان بیٹھیں اور 26ویں ترمیم کا فیصلہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مینڈیٹ کا تحفظ الیکشن کمیشن کی آئینی ذمہ داری تھی، ہمارا آج بھی یہی موقف ہے مینڈیٹ واپس لینے کا حق رکھتے ہیں، جمہوریت کیلئے عوام کا مینڈیٹ اور ووٹ بنیاد ہے۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی نے مذاکرات کیلئے کمیٹی بنائی، ہم آگے بڑھنا چاہ رہے تھے، حکومت نے مذاکرات سے راہ فرار اختیار کی، ابھی بھی وقت ہے دانشمندانہ فیصلے کریں، وہ فیصلے کریں جس میں سب کی فلاح ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے سابق وزیراعظم کی حیثیت سے آرمی چیف کو خط لکھا، بانی پی ٹی آئی کے خط میں عوام کے جذبات کی عکاسی ہے، بانی پی ٹی آئی نے کہا فوج اور عوام میں فاصلے پیدا نہیں ہونی چاہیے، عمران خان کے خط کو پاس آن کیا جا رہا ہے، بانی پی ٹی آئی کے خط پر کوئی خاطر خواہ عمل نہیں ہوا۔ اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان، بشریٰ بی بی، شاہ محمود قریشی اور دیگر ساتھی مختلف جیلوں میں پابند سلاسل ہیں، جیل میں سہولیات ان کا حق ہے، جیل منیوئل کے مطابق انہیں سہولیات نہیں مل رہیں، ہمارے تمام رہنما سیاسی قیدی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان میں آئین وقانون کی بالادستی نہیں ہے، جوڈیشری کو اپنے پیروں پر کھڑا ہونا چاہیے، عدلیہ کو کہنا چاہیے کہ بس بہت ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری نہیں آ رہی، پاکستان میں کاروبار، زراعت کا شعبہ بند پڑا ہے، آپ کی گاڑی کا انجن بند پڑا ہے اور آپ کہہ رہے ہیں معیشت چل رہی ہے، حکومت کا جو شخص کہتا ہے مہنگائی کم ہوگئی ہے، آجائیں بازار چلتے ہیں، قوت خرید لوگوں کے ہاتھ سے نکل گئی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز بولے کہ ہمسایہ ملک نے صاف شفاف الیکشن کرائے وہاں سیاسی استحکام ہے، ہمارے ہاں حکمران عوام کے مینڈیٹ سے نہیں آئے بلکہ بٹھائے گئے ہیں، 8 فروری کے بعد ملک میں عدم استحکام نے جنم لیا، ہر طرف خوف اور غیر یقینی کی صورتحال ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ 8 فروری کو عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا گیا، ایسے لوگ بٹھائے گئے جو بری طرح ہارے ہوئے تھے، ملک میں اس وقت آئین کی خلاف ورزی ہو رہی ہے، جب تک ملک میں صاف شفاف الیکشن نہیں ہوں گے سیاسی استحکام نہیں آسکتا، عوام جانتے ہیں اکانومی کی کیا صورتحال ہے۔

بقیہ 3

جمع کرائے گئے جواب میں محسن نقوی نے کہا کہ سال 2023ء کے مقابلے میں 2024ء میں اسلام آباد میں 11 فیصد کم جرائم ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ سال 2024ء میں 1596 ملزموں پر مشتمل 686 گینگز کو پکڑا گیا، 80 کروڑ 26 لاکھ سے زائد مالیت کی چوری شدہ اشیا برآمد کیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ ڈلفن فورس، موبائل پیٹرولنگ یونٹس اور 15 کے ذریعے شہریوں کو محفوظ بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ سال 2024ء میں 231 سرچ آپریشن کیے گئے، ہوٹل آئی ایچ کے ذریعے 200 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں مختلف لوکیشنز پر 3159 سی سی ٹی وی کیمرہ لگائے گئے، 2024ء میں مشتبہ افراد کے خلاف 5000 سی ڈی آر کا تجزیہ کیا گیا۔

بقیہ 4

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب ملک کی باگ ڈور سنبھالی تو حالات انتہائی مشکل تھے، ملکی معیشت کو ٹھیک کرنے کے لیے دن رات محنت کی ہے، ملکی معیشت کی بہتری کے لیے اب بھی مزید محنت درکار ہے تاہم عوام کو بہتر معیشت کے ثمرات مل رہے ہیں۔ وزیراعظم کہتے ہیں کہ ہم نے سفارشی کلچر کو ختم کرنے کی کوشش کی، مہنگائی کی شرح سنگل ڈیجٹ پر آ چکی ہے اور آنے والے دنوں میں مہنگائی مزید کم ہوگی، مہنگائی کو کم کرنے میں پوری ٹیم کی کوششیں شامل ہیں، فوج ملکی سلامتی کے لیے جانوں کی قربانیاں دے رہی ہے، سرکاری افسران کو بھی دن رات محنت کرنا ہوگی، ملکی ترقی کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز کو خلوص نیت سے کام کرنا ہوگا۔ اسی طرح مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف کا کہنا ہے کہ کرپشن، معاشی تباہی، مہنگائی اور بدتمیزی "تبدیلی" کی سوغاتیں تھیں، بدقسمتی سے ترقی کرتا ملک پٹری سے اتار دیا گیا، سیاست میں گند ڈال کر اسے تباہ کیا گیا، بدچلنی، بدتمیزی، بغض اور انتقام کو سیاست بنا دیا گیا، معیشت اور اقدار تباہ کی گئیں، جمہوریت کی پیٹھ خنجر گھونپا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے آئی ایم ایف کو خدا حافظ کہہ دیا تھا، ہمارا بیانیہ ملک کی ترقی اور عوام کو مہنگائی سے نجات دلانا ہے، جو وعدے کیے تھے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ آج عوام کو پورے ہوتے نظر آ رہے ہیں، پاکستان ڈیفالٹ کے منہ سے واپس آیا ہے، شہباز شریف کی محنت سے معاشی استحکام واپس آیا ہے، پالیسیوں کے تسلسل سے معاشی ترقی یقینی ہوگی۔

بقیہ 5

عدالتوں کی نگران جج مقرر کر دی گئیں، جسٹس ملک شہزاد پنجاب، جسٹس ہاشم کاکڑ بلوچستان کی انسداد دہشت گردی عدالتوں کے نگران مقرر کئے گئے ہیں۔ جسٹس صلاح الدین بلوچ سندھ اور جسٹس عامر فاروق اسلام آباد کی اے ٹی سی عدالتوں کے نگران مقرر ہوئے ہیں۔ سپریم کورٹ کی بلڈنگ کمیٹی کی سربراہی جسٹس جمال مندوخیل کے سپرد کر دی گئی، جسٹس شیخ صدیقی اور جسٹس عامر فاروق بلڈنگ کمیٹی کے ممبران ہوں گے، چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی آئی ٹی کمیٹی کی سربراہی خود کریں گے، جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس میاں گل حسن آئی ٹی کمیٹی کے ممبران ہوں گے۔ ریسرچ سینٹر کمیٹی کی سربراہی جسٹس شاہد بلال حسن کے سپرد کر دی گئی، جسٹس شیخ صدیقی اور جسٹس عامر فاروق ریسرچ سینٹر کمیٹی کے ممبران ہوں گے، جسٹس محمد علی مظہر لا کلرک پروگرام کمیٹی کے سربراہ اور جسٹس میاں گل حسن ممبر ہوں گے۔ مختلف نوعیت کی چیمبر اپیلز سننے کیلئے 5 ججز کو نامزد کر دیا گیا، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس حسن اظہر رضوی، جسٹس ہاشم کاکڑ چیمبر اپیلز سنیں گے، جسٹس صلاح الدین بلوچ اور جسٹس شکیل احمد بھی مختلف نوعیت کی چیمبر اپیلوں کی سماعت کریں گے۔ سپریم کورٹ آرکائیو اینڈ میوزیم کمیٹی کی سربراہی جسٹس حسن اظہر رضوی کے سپرد کی گئی، جسٹس صلاح الدین بلوچ، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب آرکائیو کمیٹی کے ممبران ہوں گے۔ فوری انصاف اور ماڈل کورٹس سے متعلق کمیٹی کی سربراہی جسٹس ملک شہزاد کے سپرد کی گئی ہے، جسٹس ہاشم کاکڑ، جسٹس صلاح الدین بلوچ، جسٹس اشتیاق ابراہیم ماڈل کورٹس کمیٹی کے رکن ہوں گے۔ چیف جسٹس نے جسٹس اشتیاق ابراہیم کو سکیورٹی جج تعینات کر دیا، سکیورٹی جج سپریم کورٹ بلڈنگ، برانچ رجسٹری اور جج کالونی کے سکیورٹی امور دیکھیں گے۔ جسٹس میاں گل حسن فیملی اور بچوں کی حوالگی کیسز میں پاک برطانیہ پروٹوکول کے رابطہ کار جج تعینات کئے گئے، سپریم کورٹ عملے کے یونیفارم کی کوائی چیک کرنے کیلئے قائم کمیٹی تحلیل کر دی گئی۔ رجسٹرار سپریم کورٹ کی جانب سے تمام کمیٹیوں اور تقرریوں کے الگ الگ نوٹیفکیشن جاری کر دیئے گئے تھے۔

بقیہ 6

پیر کو ورلڈ بینک گروپ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرز اور آلٹرنیٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے وفد کے ساتھ ملاقات کی۔ وزیر نے ورلڈ بینک کی جانب سے محدود وقت میں تیسرے اعلیٰ سطحی وفد کی آمد کو سراہا، جو پاکستان کے جاری معاشی اصلاحاتی عمل اور ورلڈ بینک کے ساتھ مضبوط شراکت داری پر اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس دورے کا مقصد پاکستان کے معاشی، سیاسی، سماجی، اور حکمرانی کے منظرنامے کو بہتر طور پر سمجھنا اور 2026-2035 کے لیے نئے ملکی شراکتی فریم ورک کے تحت مستقبل کی ترقیاتی مدد کے مواقع تلاش کرنا ہے۔ وفاقی وزیر احد چیمہ نے سرکاری ملکیتی اداروں کی نجکاری کو حکومت کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان میں سے تقریباً ایک تہائی ادارے ہمارا سٹریٹجک اثاثہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے ان کے علاوہ باقی اداروں کی مرحلہ وار نجکاری کا پلان تیار کر لیا ہے۔ پہلے مرحلے میں حکومت بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی نجکاری پر توجہ مرکوز کر رہی ہے، جبکہ دوسرے مرحلے میں پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز اور دیگر اداروں کی نجکاری کی جائے گی۔ وزیر نے بتایا کہ حکومت کا ہدف اگلے 3 سے 4 سالوں میں 50 سرکاری اداروں کی نجکاری کرنا ہے۔ وزیر نے پاکستان کے بجلی کے شعبے کو درپیش اہم چیلنجز پر بھی روشنی ڈالی، جن میں صارفین کے لیے زیادہ ٹیرف، لائنوں میں بڑے پیمانے پر نقصانات، اور شعبے کی مکمل لاگت کی وصولی کے لیے جاری کوششیں شامل ہیں۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ قابل تجدید توانائی کے وسائل اور بجلی چوری کو کم کرنا پاکستان کی توانائی حکمت عملی کے اہم شعبہ جات ہیں۔ ڈسٹیبلائزیشن کی کوششوں پر بات کرتے ہوئے وزیر چیمہ نے کہا کہ پاکستان اپنی معیشت کے ڈسٹیبلائزیشن مشن میں نمایاں پیشرفت کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ بینک پاکستان کے نئے ملکی شراکتی فریم ورک (CPF) کی مکمل حمایت کرتا ہے اور پاکستان کے ترقیاتی اہداف کے حصول میں اس کی شراکت داری برقرار رہے گی۔ انہوں نے حکومت کے جامع اصلاحی ایجنڈے کو سراہتے ہوئے موسمیاتی تبدیلی، حکمرانی، اور صنفی مساوات جیسے فوری مسائل سے نمٹنے کے لیے کوششوں کو ہم آہنگ کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیر چیمہ نے نئے ملکی شراکتی فریم ورک (CPF) کے متوقع نتائج کو کامیابی سے حاصل کرنے کے لیے منصوبوں کی تیاری، تیاری کی صلاحیت، پروکیورمنٹ، اور زمین کے حصول جیسے اہم نفاذی مسائل سے نمٹنے کے لیے جامع حکمت عملی تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر چیمہ نے پاکستان کی ترقیاتی کاوشوں میں ورلڈ بینک کی طویل المدتی حمایت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کورونا وائرس کی وبا اور 2022 کے تباہ کن سیلاب کے بعد پاکستان کی سماجی و معاشی ترقی میں ورلڈ بینک کے اہم کردار کو سراہا۔

بقیہ 7

ارب 77 کروڑ ڈالر کا اضافہ ہوا ہے جبکہ ٹیکسٹائل، غذائی اشیا اور پیٹرولیم مصنوعات کی برآمدات میں نمایاں ترقی دیکھنے میں آئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق رواں مالی سال کے پہلے 7 ماہ میں پاکستان کی برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جولائی سے جنوری کے دوران ملکی برآمدات 10 فیصد اضافے کے ساتھ 19 ارب 55 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 17 ارب 77 کروڑ ڈالر تھیں۔ اس عرصے کے دوران ٹیکسٹائل سیکٹر کی برآمدات میں 6.10 فیصد اضافہ ہوا جس کے بعد یہ 10 ارب 77 کروڑ ڈالر تک جا پہنچی جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے میں یہ 9 ارب 73 کروڑ ڈالر تھیں۔ جولائی تا جنوری کیدوران غذائی اشیا کی برآمدات چار ارب 61 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں جس میں 17.8 فیصد کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ باسمتی چاول کی برآمدات میں 37.3 فیصد اضافہ دیکھا گیا جو دو ارب 19 کروڑ ڈالر رہی۔ اسی طرح مچھلی، تمباکو، چینی، گوشت اور دیگر مصنوعات کی برآمدات میں بھی اضافہ ہوا تاہم پھلوں، سبزیوں، دالوں، مصالحہ جات اور آئل سیڈز کی برآمدات میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ پیٹرولیم مصنوعات کی برآمدات 85 فیصد اضافے کیساتھ 33 کروڑ 90 لاکھ ڈالر تک جا پہنچی جبکہ گلوز، چمڑے کی مصنوعات اور دیگر پیداواری اشیا کی برآمدات میں 23.9 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق سپورٹس گڈز، فٹ بال اور کارپٹ کی برآمدات 2 ارب 51 کروڑ ڈالر رہیں جبکہ چمڑے کی مصنوعات کی مجموعی برآمدات 35 کروڑ 33 لاکھ ڈالر سے تجاوز کر گئیں۔ کیمیکلز اور فارماسیوٹیکل مصنوعات کی برآمدات 10 فیصد اضافے سے 93 کروڑ ڈالر تک جا پہنچی۔

بقیہ 8

کر دیا۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے ہاؤسنگ کا اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر ناصر بٹ کی زیر صدارت ہوا، جس میں وفاقی دارالحکومت میں پانی کی فراہمی کے حوالے سے سی ڈی اے نے بریفنگ دی۔ کمیٹی کو حکام نے بتایا کہ اسلام آباد کو راول ڈیم، خانپور ڈیم اور سملی ڈیم سے پانی فراہم کیا جاتا ہے، تاہم رواں برس بارشیں نہ ہونے کے باعث پانی کے ذخائر کم ہو رہے ہیں، سملی ڈیم میں صرف جون تک کا پانی باقی ہے جبکہ راولپنڈی میں پانی کی قلت کے باعث ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ طویل خشک سالی کے باعث راولپنڈی میں زیر زمین پانی کی سطح گرنے اور پانی کے ذخائر میں کمی پر واسا راولپنڈی نے گزشتہ روز خشک سالی ایمرجنسی نافذ کرتے ہوئے سروس اسٹیشنز اور گھروں میں گاڑیاں دھونے پر ایک ماہ کی پابندی عائد کر دی تھی۔ ایم ڈی واسا سلیم اشرف کے مطابق شہری گھروں کے فرش گاڑیاں دھونے اور باغیچوں کو پانی دینے سے اجتناب کریں، خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف سخت کارروائی ہوگی۔ ایم ڈی واسا کے مطابق بارشیں نہ ہونے سے خشک سالی خطرناک حد تک بڑھ گئی، خانپور ڈیم کی جھیل صفائی کے باعث بھی پانی کی سپلائی میں مزید کمی واقع ہوئی ہے۔ راولپنڈی شہر میں پانی کی یومیہ طلب 70 ملین گیلن ہے شہر کو یومیہ 51 ملین گیلن پانی فراہم کیا جا رہا تھا، بارشیں نہ ہونے سے پانی کی یومیہ فراہمی مزید 5 ملین گیلن کم ہوگئی ہے۔ دریں اثنا اجلاس میں مری کو ضلع بنانے کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا، کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ ڈسٹرکٹ کمپلیکس نہ بنایا گیا تو مستقبل میں مشکلات ہوں گی۔ ڈپٹی کمشنر مری نے زمین پر خاردار تاریں لگانے کی تجویز دی، تاہم سیکرٹری ہاؤسنگ نے کہا کہ قبضہ نہ ہونے والی زمین پر تار لگانا درست نہیں ہوگا۔ اجلاس میں وزارت ہاؤسنگ کی زمین حوالگی پر بھی بحث ہوئی، کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ اگر وزارت کو زمین نہیں چاہیے تو پنجاب حکومت کے حوالے کر دی جائے۔ چیئرمین کمیٹی نے زمین کی ملکیت کے معاملے پر وضاحت طلب کی، جس پر حکام نے بتایا کہ معاملہ عدالت میں زیر سماعت ہے۔ اجلاس میں بیوہ خاتون کو سرکاری رہائش گاہ کی الاٹمنٹ کا معاملہ بھی زیر غور آیا، کمیٹی اراکین نے ہدایت کے باوجود خاتون کو گھر نہ دینے پر برہمی کا اظہار کیا۔ اسٹیٹ آفس حکام نے کہا کہ خاتون الاٹمنٹ کے رولز پر پورا نہیں اترتی، تاہم کمیٹی نے یکم جنوری سے ہونے والی تمام الاٹمنٹس کی تفصیلات طلب کر لیں، چیئرمین کمیٹی نے ہدایت دی کہ ایک ہفتے کے اندر تمام الاٹیز کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

بقیہ 9

عثمان بھرتھ کی سربراہی میں پولن الرجی کے خاتمے بارے جائزہ اجلاس ہوا، ترجمان وزارت صحت کے مطابق اجلاس میں ماحولیات اور سی ڈی کے نمائندوں نے جنگلی شہتوت کی کٹائی اور جاری اقدامات پر بریفنگ دی۔ ڈاکٹر عثمان بھرتھ نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان کی ہدایت پر اسلام آباد میں پولن الرجی پر قابو پانے کیلئے موثر اقدامات کو یقینی بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنگلی شہتوت سب سے زیادہ الرجی پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے، پولن الرجی کے خاتمے کیلئے مربوط حکمت عملی تشکیل دی گئی تھی۔ منصوبے کے مطابق ساتھ ساتھ نئے ماحول دوست درخت لگانے کا عمل بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انچ ایٹ ایچ نائین علہ بینک شکر پڑیاں مارگلہ کے دامن میں درختوں کی کٹائی کے لیے آکشن کا عمل مکمل ہو چکا ہے اور اپریل تک ان درختوں کو تلف کرنے کے ساتھ متبادل کے طور پر ماحول دوست درخت بھی لگا دیے جائیں گے۔

بقیہ 10

لینے پر کسی پر پابندی نہیں۔ پشاور میں قائمقام چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ کی زیر صدارت چار رکنی سڑ جیری سے لاپتہ دو بھائیوں کی درخواستوں پر سماعت ہوئی۔ دوران سماعت عدالت نے فوکل پرسن سے متعلق پوچھا جس پر جواب دیا گیا کہ فوکل پرسن دوسری عدالت میں ہیں اور جلد آئیں گے۔ مدعی نے عدالت میں بیان دیا کہ اس کے دو بھائی 2023 سے لاپتہ ہیں اور وہ چھ بھائی ہیں، ہمارا تعلق چارسدہ سڑ جیری سے ہے۔ قائمقام چیف جسٹس نے سوال کیا کہ چھ بھائیوں میں سے انہیں کیوں اٹھایا گیا؟ جس پر مدعی نے کہا کہ ان کے دو بھائیوں کو اٹھایا گیا ہے، ایک کی عمر 16 سال ہے۔ قائم مقام چیف جسٹس نے کہا کہ گاؤں میں اور بھی ہزاروں لوگ ہیں، تو صرف ان دونوں کو کیوں اٹھایا گیا؟ جس پر مدعی نے کہا کہ ہم سیاست میں حصہ نہیں لیتے اور نہ کسی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں، میں نے ایم اے اسلامیات کی ڈگری حاصل کی ہے اور پیش امام ہوں۔ قائمقام چیف جسٹس نے کہا کہ سیاست میں حصہ لینے پر کسی کو پابندی نہیں ہے اور مولانا فضل الرحمن بھی تو سیاست کرتے ہیں، اس کیس میں حکومت سے جواب طلب کیا ہے۔ مدعی نے کہا کہ اگر ان کے بھائیوں کے خلاف کوئی گناہ ہے تو انہیں عدالت میں پیش کیا جائے، جہاں انہیں سزا دی جائے یا سزا کے طور پر ان کا معاملہ حل کیا جائے۔ اے جی محمد انعام نے عدالت کو بتایا کہ ایک لاپتہ شخص کے خلاف پہلے بھی ایف آئی آر درج ہو چکی ہیں۔ وفاقی حکومت کی طرف سے ابھی تک کوئی جواب نہیں آیا۔ قائمقام چیف جسٹس نے کہا کہ وفاقی حکومت کا جواب آنے کے بعد اس کیس کو سنیں گے، انہوں نے مدعی کو ہدایت دی کہ وہ چارسدہ سے یہاں نہ آئیں وہاں عدالت میں پیش ہوں، ہم ویڈیو لنک کے ذریعے آپ کو سنیں گے۔

بقیہ 11

مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ حکومت تسلیم کرے کہ دھوبیوں میں اس کی رٹ نہیں ہے، وزیراعظم یہاں تو یہی کہتے کہ میرے علم میں نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان جانے والے جرگوں کا وزیراعظم کو پتہ نہیں ہوتا، اس وقت ملک میں کوئی سویلین اتھارٹی موجود نہیں اور نظریاتی سیاست بھی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیبلشمنٹ فیصلے کرتی ہے حکومت کو بند کمروں میں کئے گئے فیصلوں پر انگوٹھا لگانا پڑتا ہے، کے پی کے اور بلوچستان کے بہت سے علاقوں میں پولیس تو چیک پوسٹیں خالی کر چکی تھی اب فوج بھی خالی کر چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے چھ سات اضلاع ایسے ہیں جو آزادی کا اعلان کر دیں تو اقوام متحدہ اس کی درخواست منظور کر لے گی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اسمبلیاں عوام کی نمائندہ نہیں ہیں، کوئی نمائندہ، وزیر عوام کا سامنا کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہے، ان انتخابات کے نتیجے میں آنے والی پارلیمان کو جائز تسلیم نہیں کرتا، نتیجہ یہ ہوگا کہ ہمارا کوئی بازو ٹوٹ جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم فصہ افغانستان پر نکال لیتے ہیں لیکن اپنے گریبان میں نہیں دیکھتے، کلفٹن آیا تو مشرف کے ساتھ تصویر سے انکار کر دیا، ہم نے امریکیوں کو ہوائی اڈے دیے، افغانستان کے لوگوں پر کیا مظالم نہیں ہوئے، ہم نے ان ہی کو پاکستان کے حمایتی سمجھا۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ انتخابات سے پہلے وفد لیکر افغانستان گیا، ایجنڈے کے ایک ایک نکتے پر قائل کیا، کس نے اس پراسس کو روک دیا، میں نے وزارت خارجہ سے بریفنگ لی اور پھر افغانستان جا کر طالبات سے بات کی جو بہت مثبت رہی تھی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ بتایا جائے کس نے افغانستان سے ہونے والی مثبت گفتگو سبوتاژ کی؟۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جائے اور پالیسیاں سیاستدانوں کے حوالے کی جائیں، جنگ کے راستے بند کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے مستقبل کے فیصلے سلامتی کونسل و اقوام متحدہ میں ہوتے ہیں، ان کے فیصلے موثر ہمارے فیصلے غیر موثر ہو جاتے ہیں۔ آج ہماری معیشت عالمی اداروں کے حوالے کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئے روز آئی ایم ایف وفد آ رہے ہیں۔ آج تو آئی ایم ایف چیف جسٹس سے ملاقاتیں کرتا ہے۔ آج سپریم کورٹ بار سے آئی ایم ایف مل رہا ہے، آئی ایم ایف کا عدلیہ سے کیا تعلق ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ ایک سیاستدان کو لانے اور دوسرے کو نکالنے پر قوت صرف کی جاتی ہے، وفاقی معاملات میں ایٹم بم و میزائل میرا ہے مگر بین الاقوامی ادارے مجھ سے دستخط کرائے جاتے ہیں، میزائل و جہاز میرا ہوگا، اسے چلانے کا اختیار عالمی اداروں کا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ان اداروں کے بغیر اپنا دفاع بھی نہیں کر سکتے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پھر سیوریج ترمیم کے وقت مدارس بارے بل منظور ہوا مگر پھر صدر نے کہا کہ مدارس بل عالمی اداروں کو تحفظات پیدا کرے گا، بمشکل مرکز سے مدارس بل منظور ہوا اب صوبوں میں لٹکا دیا ہے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ ادھر ٹرمپ آیا ہے، آج فلسطینیوں کو دوسرے ممالک میں بسانے کی بات کی جا رہی ہے، ٹرمپ ہوتا کون ہے ایسی بات کرنے والا؟ جس تبتین یا ہو کو سرعام پھانسی لگنی چاہیے اسے امریکا کی سرپرستی حاصل ہے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ چار سال سے سرحدوں پر کیا کچھ نہیں ہو رہا، افغانستان میں چین رسائی کر رہا ہے۔ ٹرمپ غزہ پر قبضہ کر سکتا ہے تو کل وہ وزیرستان پر بھی قبضے کا سوچ سکتا ہے، امریکہ کل وزیرستان سے معدنیات نکال کر لے جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انضمام کے وژن کا قبائل میں بھانڈہ پھوٹ چکا ہے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ یہ ایوان اجتماعی دانش سے اہم فیصلے کر سکتا ہے، کیا وجہ ہے ہم ایک بھی فیصلے کے لئے اشارے کے منتظر ہوتے ہیں، ہماری جماعت نوے لاشیں ہاتھوں سے اٹھا چکی ہے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا کہ قبائل امن کی بھیک مانگ رہے ہیں، قبائل کی خواتین گلی کوچوں میں بھیک مانگنے پر مجبور ہو گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک ان سیاستدانوں کے حوالے کرو، سویلین قیادت پر اعتماد کرو، اگر سیاستدانوں کو آپس میں بات نہیں کرنے دیں گے تو ملک کیسے چلے گا۔

بقیہ 12

ماسٹر کلاس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ ملائیشیا اور پاکستان کے ادارے پی ٹی اے کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط ہونا خوش آئند ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایم او یو مختلف اداروں کیلئے نئی راہیں کھولے گا، اس حوالے سے پاکستان ڈیجیٹل پالیسی لانچ کی گئی ہے جس کے تناظر میں ترقی مزید آسان ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ملائیشیا اور پاکستان کا تعاون ٹیکنالوجی میں جدت کا باعث بنے گا اور دونوں ملکوں کی معیشت میں بہتری لائے گا۔ یہ شراکت داری دونوں ممالک کے درمیان ٹیلی کام، ڈیجیٹل اختراع اور کنیکٹیویٹی کے میدان میں تعلقات کو مضبوط کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اب ہم کسی بھی موقع کو کھونے کا متحمل نہیں ہو سکتے، ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی پاکستان میں ترقی کے اولین محرکات میں سے ایک ہے، پاکستان کو صنعتی انقلاب 4.0 اور 0.5 کیلئے تیار کرنے کے لیے ہم نے بگ ڈیٹا اور کلاؤڈ کمپیوٹنگ، GIS اور خلائی ٹیکنالوجی کے لیے قومی مراکز قائم کیے ہیں۔ احسن اقبال نے دعویٰ کیا کہ 2035 تک ہم 1 ٹریلین ڈالر کی معیشت بن جائیں گے، اس کیلئے فائیو جی فارمولے کے تحت اڑان پاکستان کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ڈیجیٹل انقلاب آپ کے دروازے پر دستک دے رہا ہے، ہم نے اس کے تحت دنیا کے ساتھ قدم ملانا ہے، ورلڈ بینک کے مطابق 5G ٹیکنالوجی 2030 تک عالمی اکانومی میں 2.13 ٹریلین امریکی ڈالر تک کا اضافہ کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ تیز رفتار انٹرنیٹ کی فراہمی ملک کے کونے کونے میں ہو، اے آئی کے تحت اب ترقی سوچ سے کہیں زیادہ تیزی سے ممکن ہے، ہمارا ہدف ہے کہ پاکستان کا کوئی نوجوان اس تیز رفتار ترقی سے محروم نہ رہے بلکہ بہتر انداز میں اس کا حصہ بنے۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی نے کہا کہ اب ہم فائیو جی اسپیکٹرم کے لیے تیار ہیں جو تیز رفتار کنیکٹیویٹی کے لیے مزید آسانی پیدا کرے گا، انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ڈیٹا سیکورٹی پر بھی تیزی سے کام ہو رہا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ یہ تمام اقدامات پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع کو بڑھا رہے ہیں۔

بقیہ 13

کا اعتراف ہے لیکن فوج اور عوام میں فرق نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بیرسٹر شیر افضل مروت کو ڈسپلن کی خلاف ورزی پر پارٹی سے نکالا گیا، انہوں نے فواد چوہدری اور شعیب شاہین کے درمیان تنازع پر افسوس کا اظہار کیا۔

بقیہ 14

میں الزام عائد کیا کہ سلمان راجا، شیخ وقاص اور رؤف حسن جعلی اکاؤنٹس چلوا رہے ہیں، جنہوں نے عمران خان اور پارٹی کو شدید نقصان پہنچایا۔ انہوں نے کہا کہ شیخ وقاص اکرم نے افغان مجاہدین کو اسلحہ سپلائی کرنے کے دھندے سے کیریئر کا آغاز کیا، شیخ وقاص نے پرویز مشرف، پرویز الٰہی، فریال تالپور، حمزہ شہباز سے پیسے بٹورے۔ انہوں نے لکھا کہ شیخ وقاص اکرم اب تحریک انصاف کی فنڈنگ، صوبائی بجٹ پر پیش کر رہے ہیں، فراڈ کا اندازہ لگائیں کہ پی ٹی آئی میں سیکریٹری جنرل منتخب عہدہ ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ سلمان اکرم راجا خود کو سیکریٹری جنرل کہہ کر فنڈز لے رہے ہیں، سلمان اکرم نے ن

City News

سٹی نیوز

اسلام آباد: آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سیف سٹی پروجیکٹ کی کارکردگی کے حوالہ سے اہم اجلاس۔

وجوہات بتائے بغیر جس طرح یہ تاریخیں پڑی اس پر شکوک وشبہات پیدا ہو رہے ہے

سابق چیئرمین کو انکے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا ہم 2 بجے سے انتظار کر رہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) جی ایچ کیو حملہ کیس سمیت دیگر مقدمات میں اڈیالہ جیل میں بند تحریک انصاف کے سابق چیئرمین کے وکیل فیصل چوہدری نے مقدمات میں لمبی تاریخوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وجوہات بتائے بغیر جس طرح یہ تاریخیں پڑی اس پر شکوک وشبہات پیدا ہو رہے ہیں حکومت پر بالکل اعتبار نہیں یہ سیاسی دشمنی میں کسی بھی حد تک جا سکتے ہیں عید الفطر کے بعد بھرپور تحریک کا آغاز کیا جائے گا سابق چیئرمین کی ہدایت پر اتحادیوں سے رابطے تیز کر دیئے گئے ہیں ہفتہ کے روز ملاقات کی اجازت نہ ملنے پر اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو میں فیصل چوہدری نے کہا کہ ہماری درخواستوں کے باوجود مقدمات کی اپنی مرضی سے دو تین پیشیاں ہوتی ہیں سابق چیئرمین کی ہدایت تھی کہ ناگہانی صورتحال میں فوری طور پر قانونی راستہ اختیار کریں گے 3 اکتوبر 24 کو سابق چیئرمین کو 3 ہفتے سے زائد قید تنہائی میں رکھا گیا تھا سیل کی بجلی بند کر دی ذہنی ٹارچر کیا گیا ان سے ورزش کی سہولت واپس لے کر وکلا اور فیملی سے ملاقات بند کر دی گئی تھیں انہوں نے کہا کہ وجوہات بتائے بغیر جس طرح یہ تاریخیں پڑی اس پر شاکی ہوں سابق چیئرمین کو انکے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔

میرپور: پروفیسر پیر محمد توفیق کے انٹرویو کے دوران مختلف انداز میں

کردار کے اعتراف کے طور پر ڈاکٹر عابد قیوم سلہری کیلئے تعریفی سند

عالمی ماحولیاتی پالیسی میں گلوبل ساؤتھ کے ماہرین کا کردار مسلسل مستحکم ہو رہا ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی (ایس ڈی پی آئی) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور سی او پی 29 کے صدارتی مشاورتی بورڈ کے رکن ڈاکٹر عابد قیوم سلہری کو جمہوریہ آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کی جانب سے اقوام متحدہ کے ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق فریم ورک کنونشن (یو این ایف سی سی) کے 29 ویں کانفرنس آف دی پارٹیز (سی او پی 29) میں فعال کردار کے اعتراف کے طور پر تعریفی سند دی گئی ہے۔ پاکستان میں آذربائیجان کے سفیر علی علیزادہ نے ایک پروقار تقریب میں یہ اعزاز ڈاکٹر عابد قیوم سلہری کو پیش کیا۔ پیر کو ایس ڈی پی آئی کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق یہ تقریب آذربائیجان کے سفارت خانے میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر عالمی رہنما، پالیسی ساز اور ماحولیاتی ماہرین بھی موجود تھے۔ آذربائیجان کے سفیر نے اپنی حکومت کی طرف سے سی او پی 29 کے عالمی مذاکرات میں ڈاکٹر سلہری کی گرانقدر خدمات، ماحولیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لئے ان کی کاوشوں اور ماحولیاتی تعاون کے فروغ میں ان کے کلیدی کردار کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ مشاورتی کمیٹی کے رکن کی حیثیت سے ڈاکٹر سلہری نے ماحولیاتی تبدیلیوں کے اثرات میں کمی اور بالخصوص کمزور خطوں کے لئے حکمت عملی سازی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ پائیدار ترقی کے میدان میں ان کی گہری مہارت اور غیر متزلزل عزم نے انہیں بین الاقوامی سطح پر معتبر حیثیت دی ہے اور وہ عالمی ماحولیاتی پالیسی میں ایک موثر اور مستند آواز کے طور پر ابھرے ہیں۔

پولن الرجی پر قابو پانے کیلئے موثر اقدامات کو یقینی بنا رہے ہیں

ماحولیات اور سی ڈی کے نمائندے نے جنگلی شہتوت کی کٹائی اور جاری اقدامات پر بریفنگ دی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے صحت ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کی ہدایت پر اسلام آباد میں پولن الرجی پر قابو پانے کیلئے موثر اقدامات کو یقینی بنا رہے ہیں، ماحولیاتی ماہرین کے مطابق جنگلی شہتوت سب سے زیادہ الرجی پیدا کرنے سبب بنتا ہے، پولن الرجی کے خاتمے کیلئے مربوط حکمت عملی تشکیل دی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولن الرجی کے خاتمے بارے جائزہ اجلاس میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایف نائن پارک میں سات ہزار میں سے پانچ ہزار سے زائد درختوں کی کٹائی مکمل ہو چکی ہے اور وفاقی دارالحکومت سے الرجی کے خاتمے کیلئے جنگلی شہتوت کو مرحلہ وار قلع کیا جا رہا ہے، منصوبے کے مطابق ساتھ ساتھ نئے ماحول دوست درخت لگانے کا عمل بھی جاری ہے۔ اجلاس میں ماحولیات اور سی ڈی کے نمائندے نے جنگلی شہتوت کی کٹائی اور جاری اقدامات پر بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں پولن الرجی پر قابو پانے کیلئے موثر اقدامات کو یقینی بنا رہے ہیں، ماحولیاتی ماہرین کے مطابق جنگلی شہتوت سب سے زیادہ الرجی پیدا کرنے سبب بنتا ہے، پولن الرجی کے خاتمے کیلئے مربوط حکمت عملی تشکیل دی تھی۔ منصوبے کے مطابق نئے ماحول دوست درخت لگانے کا عمل بھی جاری ہے۔ ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا کہ ایچ ایٹ، ایچ نائن، شکر پڑیاں اور مارگلہ کے دامن میں درختوں کی کٹائی کیلئے آپریشن کا عمل مکمل ہو چکا ہے، اپریل تک ان درختوں کو تلف کرنے کے ساتھ متبادل کے طور پر ماحول دوست درخت بھی لگا دیئے جائیں گے۔

سٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صدر واہ پولیس کی ایک کارروائی کے دوران سٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار کر لئے گئے، ملزمان کے قبضے سے مسروقہ رقم 40 ہزار روپے برآمد کر لئے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی متعدد وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کی شناخت فیضان، احسن اور افوش کے ناموں سے ہوئی، ملزمان سے مسروقہ رقم 40 ہزار روپے برآمد ہوئے، ایس پی پوٹھوہار نے ایس ایچ او صدر واہ اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان ومال پر حملہ کرنے والے ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں کمی ریکارڈ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان کی انٹربینک مارکیٹ میں امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق پیر کو انٹربینک مارکیٹ میں امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں 06 پیسے کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے جس کے بعد اس کی نئی قیمت 279 روپے 26 پیسے ہو گئی ہے۔ انٹربینک مارکیٹ میں سعودی ریال کی قدر 74 روپے 46 پیسے جبکہ بحرینی دینار کی قدر 740 روپے 97 پیسے رہی۔ اسی طرح عمانی ریال کی انٹربینک مارکیٹ میں قدر 725 روپے 34 پیسے رہی، کویتی دینار کی قدر 904 روپے 97 پیسے اور قطری ریال کی قدر 76 روپے 61 پیسے ریکارڈ کی گئی۔

پتنگ سپلائرز اور پتنگ بازوں کے خلاف کاروائیاں جاری

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس کی پتنگ سپلائرز اور پتنگ بازوں کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران 02 ملزمان گرفتار کر لئے گئے جن کے قبضے سے 160 پتنگیں اور ڈوریں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق آرائے بازار پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ملزم احسن سلیم کو گرفتار کر لیا، ملزم سی 150 پتنگیں اور ڈور برآمد ہوئی، وارث خان پولیس نے ملزم علی مرتضیٰ کو گرفتار کر کے 10 پتنگیں اور ڈور برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

انسان اپنی فطرت میں کمزور اور بے اختیار ہے، پروفیسر پیر محمد توفیق

ہر چیز پر اختیار اور قدرت صرف اللہ کو حاصل ہے، معروف عالم دین

میرپور (نمائندہ) معروف عالم دین پروفیسر پیر محمد توفیق نے اپنے ایک خصوصی انٹرویو میں انسان کی بے بسی اور اللہ کی قدرت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ انسان اپنی فطرت میں کمزور اور بے اختیار ہے، جبکہ ہر چیز پر اختیار اور قدرت صرف اللہ کو حاصل ہے۔ اگر انسان اپنے مسائل کا حل اللہ کی بارگاہ میں تلاش کرے تو اس کی مشکلات ختم ہو سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب انسان پیدا ہوتا ہے، تو وہ مکمل بے بس ہوتا ہے۔ اسے نہ بولنا آتا ہے، نہ چلنا، نہ ہی یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے والدین کون ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے باقی تمام مخلوقات کو پیدا ہوتے ہی سیکھنے کی صلاحیت عطا کی، مگر انسان کو علم حاصل کرنے کے لیے محنت کرنا پڑتی ہے۔ گائے کا بچھڑا پیدا ہوتے ہی ماں کے تھن کی طرف بڑھتا ہے، مرغی کا چوزہ انڈے سے نکلتے ہی دوڑنے لگتا ہے، مگر انسان سیکھنے کے بغیر کچھ نہیں کر سکتا۔ اللہ کی ذات ہی مشکل کشا ہے، اگر انسان کو اپنی زندگی پر اختیار ہوتا تو وہ کبھی بیمار نہ ہوتا، اور اگر ہو بھی جاتا تو خود کو فوراً صحت مند کر لیتا۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ شفا صرف اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ ہر بیماری، ہر آزمائش اور ہر پریشانی کا حل اللہ کے پاس ہے۔ اگر انسان اپنے رب سے سچا تعلق قائم کر لے، تو وہ کبھی در در کی ٹھوکریں نہیں کھائے۔ پروفیسر پیر محمد توفیق نے اللہ کے اس فرمان کا ذکر کیا: (مجھے پکارو، میں تمہاری دعا قبول کروں گا)۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج کا انسان اللہ کے دروازے کو چھوڑ کر مختلف دروازوں پر بھٹک رہا ہے، جبکہ حقیقت میں ہر مسئلے کا حل صرف اور صرف اللہ کی ذات میں ہے۔ انہوں نے اپنے انٹرویو میں کہا کہ اگر ہم انبیاء کی زندگیوں کو دیکھیں، تو ہمیں معلوم ہوگا کہ تمام انبیاء نے مشکلات کا سامنا کیا، مگر وہ کبھی کسی اور کے در پر نہیں گئے۔ آدم علیہ السلام سے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک، ہر نبی نے صرف اللہ کو پکارا اور اسی سے مدد مانگی۔ اللہ سے تعلق جوڑیں اسی میں فلاح ہے اور ہماری کامیابی کا راز مضمر ہے۔

میٹرک کے سالانہ پری بورڈ امتحانات آج سے شروع ہو رہے ہیں

دو ہزار سے زائد طلبہ نہم و دہم کے تمام پیپرز امتحانی مراکز میں فیڈرل بورڈ پیٹرن پر دیں گے

اسلام آباد (نمائندہ) میٹرک کے سالانہ پری بورڈ امتحانات آج مورخہ 18 فروری سے شروع ہو رہے ہیں۔ دو ہزار سے زائد طلبہ نہم و دہم کے تمام پیپرز امتحانی مراکز میں فیڈرل بورڈ پیٹرن پر دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین اسلام آباد بورڈ آف ایجوکیشن چوہدری محمد ارشد نے امتحانی سنٹرز کا دورہ کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک کا ذیلی ادارہ اسلام آباد بورڈ آف ایجوکیشن 1999 سے کام کر رہا ہے۔ بانی و مرکزی صدر پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک ڈاکٹر محمد افضل بابر نے بتایا کہ پاکستان میں اپنی نوعیت کا یہ واحد امتحانی بورڈ ہے جو مکمل نصاب کی امتحانی ریپرسل کا اہتمام کرتا ہے۔ انہوں نے کہا اس سال فیڈرل بورڈ کی انتظامیہ نے کم آمدنی والے نجی تعلیمی اداروں کے اساتذہ کو مارچ 2025 کے امتحانات پر پہلے ٹریننگ دی اور اب پری بورڈ امتحانات کے امتحانی مراکز کو بھی ان کی کمیٹیں وزٹ کریں گی۔

وزیر خزانہ کا پاکستان میں بڑھتی ہوئی سعودی سرمایہ کاری پر اظہار اطمینان

سعودی آرامکو کی پاکستان کے ڈاؤن اسٹریم پیٹرولیم سیکٹر میں سرمایہ کاری خوش آئند ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے پاکستان میں بڑھتی ہوئی سعودی سرمایہ کاری پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کی وژن 2030 سے سیکھنے کے لیے پرعزم ہے سعودی عرب کی کامیابیوں سے پاکستان کو اپنی اقتصادی اصلاحات میں رہنمائی مل سکتی ہے۔ وزیر خزانہ نے اعلا کانفرنس کے موقع پر عرب نیوز کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی وژن 2030 سے سیکھنے کے لیے پرعزم ہے۔ سینیٹر اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کی شراکت داری طویل المدتی اور انتہائی مضبوط ہے، سعودی عرب وژن 2030 کے اہداف وقت سے پہلے حاصل کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی کامیابیوں سے پاکستان کو اپنی اقتصادی اصلاحات میں رہنمائی مل سکتی ہے۔ وزیر خزانہ نے پاکستان میں بڑھتی ہوئی سعودی سرمایہ کاری پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے کہا کہ سعودی آرامکو کی پاکستان کے ڈاؤن اسٹریم پیٹرولیم سیکٹر میں سرمایہ کاری خوش آئند ہے۔ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان حکومتی سطح پر (G2G) کئی معاہدے زیر غور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سے سعودی عرب کو بہتر مند افرادی قوت کی برآمد بڑھانے کے وسیع مواقع موجود ہیں، سعودی عرب کی حمایت اور آئی ایم ایف پروگرام میں تعاون پر شکر گزار ہیں۔

راولپنڈی: 3 رکنی کارلفٹر گینگ گرفتار، ڈیڑھ کروڑ روپے مالیتی 6 گاڑیاں برآمد

اٹک: ڈپٹی کمشنر راؤ عاطف رضا ڈی سی آفس میں منعقدہ اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

افسران ظاہر کرنے والے تین نوسر باز پکڑے گئے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) ہانہ دھمیال کی حدود میں خود کو سرکاری ادارے میں افسران ظاہر کرنے والے 03 نوسر باز گرفتار کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خود کو سرکاری ادارے کا افسر ظاہر کرنے والے 03 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کی شناخت نفیس، عبدالشکور اور کاشف کے ناموں سے ہوئی۔ پولیس نے ملزمان کو مشکوک جانتے ہوئے روکا تو ملزمان نے خود کو سرکاری ادارے کا اہلکار ظاہر کیا۔

کانفرنس کی آزاد جموں کشمیر شاخ کے دفتر میں تعزیتی مجلس کا انعقاد

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد میں کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں کشمیر شاخ کے دفتر میں ایک تعزیتی مجلس منعقد کی گئی جس میں متحدہ جہاد کونسل کے سابق چیئرمین تنویر الاسلام کی والدہ کے لئے دعا کی گئی جو گزشتہ دنوں مقبوضہ جموں وکشمیر میں انتقال کر گئی تھیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق تعزیتی مجلس کی صدارت کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں وکشمیر شاخ کے کنوینر غلام محمد صفی نے کی۔ اس موقع پر تنویر الاسلام اور دیگر لواحقین سے یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کیا گیا اور مرحومہ کے لئے مغفرت اور جنت نشینی کی دعا کی گئی۔ مجلس میں کشمیری حریت رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کی۔

پی ٹی آئی کی سیاست آدھی تیتر آدھے بٹیر والی کہانی ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مشیر قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو اپوزیشن نہیں، صرف کندھے درکار ہیں، ان کی سیاست آدھی تیتر آدھے بٹیر والی کہانی ہے، وہ قیادت بھی خود اور فیصلے بھی مرضی کے چاہتے ہیں۔ ایکس پر اپنی پوسٹ میں بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ ایوان میں حاضری لگا کر مراعات حلال کریں اور پھر واک آؤٹ کر جائیں، یہ کیسی سیاست ہے؟ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کو اپنی جاگیر سمجھنے والوں کی من مانی کی سیاست اب نہیں چلے گی، اگر واقعی اپوزیشن کا شوق ہے تو پہلے جمہوریت کے اصول سیکھ کر آئیں۔

نیشنل ایکشن پلان، ایپکس کمیٹی کے فیصلوں پر عمل درآمد یقینی بنایا جائیگا

ڈپٹی کمشنر اٹک راؤ عاطف رضا کی زیر صدارت ضلعی رابطہ کمیٹی کا پہلا اجلاس منعقد ہوا

اٹک (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر اٹک راؤ عاطف رضا نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق نیشنل ایکشن پلان اور ایپکس کمیٹی کے فیصلوں پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ضلعی رابطہ کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ڈی پی او اٹک ڈاکٹر سردار خیاث گل خان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل اٹک انیل سعید، فوجی افسران، قانون نافذ کرنے والے اداروں کے علاوہ ضلع بھر کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس میں سمگلنگ کی روک تھام، غیر قانونی پٹرول پمپس، سوشل میڈیا پر غلط وبے بنیاد خبر کی تردید، پرائس چیکنگ، چیک پوسٹوں کے قیام، مدارس اور مساجد کی رجسٹریشن، افغان آبادی کے انخلا، نوجوانوں تک مثبت پیغام پہنچانے اور انہیں قومی دھارے میں شامل کرنے، ہر ماہ ضلعی رابطہ کمیٹی کے اجلاس منعقد کرنے، نان کسٹم گاڑیوں کو پکڑنے، گداگروں کے خلاف کاروائی سمیت دیگر موضوعات زیر بحث لائے گئے۔

مختلف علاقوں میں بارش اور پہاڑی علاقوں میں برفباری کا امکان

ملکہ کوہسار مری، گلیات اور گردونواح میں بارشوں اور برفباری کا امکان ظاہر کیا ہے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) محکمہ موسمیات نے 19 فروری سے راولپنڈی ڈویژن کے مختلف علاقوں میں بارش اور پہاڑی علاقوں میں برفباری کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے راولپنڈی، مری، اٹک، چکوال، جہلم، تلہ گنگ سمیت بالائی پنجاب کے دیگر علاقوں میں بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔ ان علاقوں میں کہیں ہلکی بارش اور کئی مقامات پر بارش کے ساتھ تیز ہواؤں کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے ملکہ کوہسار مری، گلیات اور گردونواح میں بارشوں اور برفباری کا امکان ظاہر کیا ہے۔ مری اور گردونواح میں بارشوں اور برفباری کا سلسلہ 21 فروری تک وقفے وقفے سے جاری رہنے کا امکان ہے۔ دوسری جانب ضلعی انتظامیہ مری نے سیاحوں اور مسافروں سے کہا ہے کہ وہ سفر کے دوران محتاط رہنے اور موسم کی صورتحال کے مطابق سفر کا پروگرام ترتیب دیں۔ مقامی افراد اور سیاح مری کا سفر کرنے سے پہلے الیکٹرانک، پرنٹ اور سوشل میڈیا سے موسمیاتی صورتحال سے آگاہی حاصل کریں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے بورڈ آف ایڈوانس سٹڈیز کا 72 واں اجلاس

ایکسپرٹس کے تجربات اور رہنمائی طلبہ کے تحقیقی عمل کو بہتر بنانے میں کلیدی کردار رکھتی ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں بورڈ آف ایڈوانس سٹڈیز اینڈ ریسرچ (بسر) کے 72 ویں اجلاس کا پہلا سیشن گزشتہ روز منعقد ہوا۔ نظامت ومعاونت کا فریضہ بسر کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر ارشاد احمد ارشد نے سرانجام دیا۔ اجلاس میں گزشتہ فیصلوں پر عملدرآمد کی رپورٹ اور رواں اجلاس کا ایجنڈا پیش کیا گیا۔ اجلاس میں یونیورسٹی کے ڈینز، پروفیسرز، سکالرز، سوشل سائنسز اور پی ایچ ڈی سکالرز شریک تھے۔ پہلے سیشن میں کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کے شعبہ قرآن وتفسیر، شریعہ وفکر اسلامی وثقافت کے 15 سکالرز نے اپنے تحقیقی مقالے پیش کئے۔ سوشل سائنسز نے طلبہ کے تحقیقاتی موضوعات کو باریک بینی سے پرکھا اور پیش کئے جانے والے مقالے منظور کئے گئے اور چند تجاویز کی نشاندہی کی گئی۔ بورڈ نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ طلبہ منظور شدہ فارمیٹ پر ہی اپنی تحقیق مکمل کریں اور ہدایات جاری کیں کہ موضوع کے انتخاب میں تحقیق کے تمام تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھا جائے اور عصر حاضر کی ضرورتوں کے مطابق تحقیق کو سماجی واقتصادی ترقی سے ہم آہنگ کرنے کے لئے راہ ہموار کی جائے۔ اس موقع پر بورڈ نے مزید کہا کہ ایکسپرٹس کے تجربات اور رہنمائی طلبہ کے تحقیقی عمل کو بہتر بنانے میں کلیدی کردار رکھتی ہے، تحقیقی خاکوں میں عام فہم اور سادہ الفاظ کا استعمال کریں۔ اجلاس میں 41 ایم فل طلبہ کے تحقیقی موضوعات کو ریسرچ پروپوزل کمیٹی کی سفارشات پر منظور بھی کیا گیا۔

اسلام آباد: چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کی زیر صدارت پیر کے روز اسلام آباد میں موسم بہار شجرکاری مہم 2025 کے حوالے سے اجلاس

صفائی ستھرائی بارے عوامی شعور بیدار کرنے کیلئے آگاہی مہم کا انعقاد

شہریوں سے اپیل کی گئی کہ وہ صفائی کی کوششوں میں انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت راولپنڈی میں صفائی اور آگاہی کے حوالے سے سرگرمیاں جاری ہیں، جن میں صفائی کے حوالے سے عوامی شعور بیدار کرنے کے لیے خصوصی آگاہی مہم کا انعقاد کیا گیا۔ اس مہم کے دوران ٹیم نے دکانداروں اور خریداروں کو ستھرا پنجاب پروگرام کی اہمیت اور افادیت کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق اب دیہی علاقے بھی شہروں کی طرح صاف ستھرے بنائے جا رہے ہیں۔ پورے راولپنڈی ڈویژن میں زیرو ویسٹ آپریشن جاری ہے، جس کا مقصد صفائی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنانا اور عوام کو صاف ماحول فراہم کرنا ہے، آگاہی مہم کے دوران شہریوں سے اپیل کی گئی کہ وہ صفائی کی کوششوں میں انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ شہریوں کو یہ ترغیب دی گئی کہ وہ صفائی کو یقینی بنانے کے لیے اپنی ذمہ داری نبھائیں اور کچرا جگہ جگہ پھینکنے کے بجائے مقررہ جگہوں پر ڈالیں۔ صفائی کے حوالے سے کسی بھی شکایت کے اندراج کے لیے شہری ہیلپ لائن 1139، ستھرا پنجاب شہری ایپ، راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

راولپنڈی: خود کو سرکاری ادارے کا افسر ظاہر کرنے والے 03 ملزمان دھمیال پولیس کی حراست میں ہیں

منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کاروائیاں جاری

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران 03 ملزمان گرفتار کر لئے گئے، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے ملزم اور تنگریب سی 560 گرام چرس برآمد کر لی، نصیر آباد پولیس نے ملزم غلام وارث سی 520 گرام چرس برآمد کی، گنجنڈی پولیس نے ملزم علی حیدری 05 لیٹر شراب برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

اگر کسی کی لڑائی ہے تو پارٹی کے اندر رہنی چاہئے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پی ٹی آئی کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا ہے کہ اگر کسی کی لڑائی ہے تو پارٹی کے اندر رہنی چاہئے۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو میں فیصل چوہدری نے کہا کہ توشہ خانہ کیس کی سماعت بغیر وجہ 27 فروری تک ملتوی کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی ہدایات پر ملاقات کیلئے عدالت سے رجوع کیا، عدالتی احکامات کے باوجود بانی تک رسائی نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف بانی پی ٹی آئی کا نام ہے اور جو وہ کہتے ہیں وہی پارٹی میں ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو گروپنگ کی بات کر رہے ہیں وہ بھی بانی پی ٹی آئی کے تابع ہیں، اگر کسی کی لڑائی ہے تو پارٹی کے اندر رہنی چاہیے۔

ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف جاری کارروائیوں کے دوران 06 ملزمان گرفتار کر لئے گئے جن کے قبضے سے اسلحہ و ریوالور برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بی ڈویژن پولیس نے ملزم ذوہیب سی 01 پستول 30 بور مع ریوالور، صدر آباد پولیس نے ملزم حسن گل سی 01 پستول 30 بور مع ریوالور، ملزم علی رضا س۔ ہیر آباد پولیس نے ملزم شہباز سے 01 پستول 30 بور مع ریوالور، ملزم عبدالرحمن سے 01 پستول 30 بور مع ریوالور، ملزم حسن سے آہنی مکہ برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

قرضوں کی بجائے سرمایہ کاری اور شراکت داری ترجیح ہے

ادارہ جاتی ومعاشی اصلاحات کا پروگرام تیزی سے جاری ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ قرضوں کی بجائے سرمایہ کاری اور شراکت داری ہماری ترجیح ہے، پاکستان کا ادارہ جاتی ومعاشی اصلاحات کا پروگرام تیزی سے جاری ہے، معیشت صحیح سمت اور ترقی کی جانب گامزن ہے، کرپشن کو کنٹرول کرنے کیلئے نظام میں شفافیت لا رہے ہیں، عالمی بینک کے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک کے تحت پاکستان میں 40 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار عالمی بینک کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے پیر کو وزیر اعظم سے یہاں ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ عالمی بینک اور پاکستان کی شراکت داری گزشتہ سات دہائیوں پر محیط ہے، عالمی بینک کے تعاون سے پاکستان میں ملکی تعمیر وترقی کے حوالے سے متعدد بڑے منصوبے تعمیر ہوئے جنہوں نے پاکستان کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان نے عالمی بینک کے ساتھ شراکت داری سے استفادہ کیا، عالمی بینک نے 2022ء کے سیلاب کے دوران پاکستان میں متاثرہ لوگوں کی بھرپور مدد کی، عالمی بینک کے حالیہ کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک کے تحت پاکستان میں 40 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی جو خوش آئند ہے، 20 ارب ڈالر سے پاکستان میں صحت، تعلیم، ترقی نوجوانان اور دیگر سماجی شعبوں میں مختلف منصوبوں سے ترقی کا نیا باب کھلے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آئی ایف سی کے تحت پاکستان کے نجی شعبے میں 20 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری سے ملکی معیشت کا پہیہ تیزی سے گھومے گا، عالمی بینک کے حکومت کی پالیسیوں پر اعتماد کے شکر گزار ہیں، پاکستان کا ادارہ جاتی ومعاشی اصلاحات کا پروگرام تیزی سے جاری ہے۔

3 رکنی کارلفٹر گینگ گرفتار، ڈیڑھ کروڑ روپے مالیتی 6 گاڑیاں برآمد

شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ کینٹ پولیس کی ایک اہم کارروائی کے دوران 3 رکنی کارلفٹر گینگ گرفتار کر لیا گیا جن کے قبضے سے ڈیڑھ کروڑ روپے مالیتی 6 گاڑیاں برآمد کی گئی ہیں، ملزمان نے راولپنڈی کے مختلف علاقوں سے گاڑیاں چوری کرنے کا انکشاف کیا ہے، برآمد شدہ گاڑیوں میں 1 ہنڈا سٹی، 1 بولان اور 4 مہران کاریں شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئی 3 رکنی کارلفٹر گینگ کو گرفتار کر لیا، گرفتار گینگ میں سرغنہ مشرف، محسن اور سید رحیم شامل ہیں، ملزمان سے ڈیڑھ کروڑ روپے مالیتی 6 گاڑیاں برآمد ہوئیں، ملزمان نے راولپنڈی کے مختلف علاقوں سے گاڑیاں چوری کرنے کا انکشاف کیا ہے، برآمد شدہ گاڑیوں میں 1 ہنڈا سٹی، 1 بولان اور 4 مہران کاریں شامل ہیں، سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی او کینٹ اور کینٹ پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ کار چوری کی وارداتوں میں نمایاں کمی کے پیچھے راولپنڈی پولیس کی شب وروز محنت شامل ہے، شہریوں کو قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں ب